http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
e.sheharnama.com
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | جمعۃ المبارک 24 جولائی 2026ء 09 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 322
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

بلوچستان میں دریا امن لائیں گے، فیلڈ مارشل

صوبہ کے متحرک، باہمت، ثابت قدم اور محبِ وطن عوام اس کی سب سے بڑی طاقت، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشنز جاری رہیں گے، سید عاصم منیر

جہاں بھی دہشتگردوں کا انفرااسٹرکچر ملکی سلامتی کے لیے خطرہ بنا اسے ختم کرنے کیلئے غیر متزلزل عزم پر قائم ہیں، نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کی بھرپور حمایت سے بلوچستان میں دیرپا امن لائیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 20ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کی جی ایچ کیو آمد ہوئی جہاں فیلڈ مارشل نے ملک کے مستقبل کی سمت کے تعین کے لیے قومی اتحاد اور ثابت قدمی کی ضرورت پر زور دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا فخر ہے، یہ صوبہ بے پناہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، بلوچستان کے متحرک، باہمت، ثابت قدم اور محب وطن عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ بلوچستان بے پناہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، یہاں کے محب وطن، باصلاحیت اور باہمت عوام ہی اس کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا مقصد بلوچستان کے سماجی و معاشی منظرنامے کو تبدیل کرنا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 3)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے چینی کمپنی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ایران معاہدے کیلئے ہم سے بھیک مانگ رہا ہے، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ایران کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر تہران مذاکرات اور معاہدے کے لیے سنجیدہ نہیں ہوتا تو اسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 3)

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل چوتھے روز بھی اضافہ

پٹرول 4 روپے 40 پیسے، ڈیزل 3 روپے 62 پیسے مہنگا ہو گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں چوتھے روز بھی اضافہ کر دیا۔ اوگرا نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 24 جولائی کیلئے اضافہ کرتے ہوئے نوٹی فکیشن جاری کر دیا نوٹی فکیشن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 3)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر 20ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ مسترد

افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی خطے کیلئے خطرہ ہے، دفتر خارجہ

پاک امریکا تجارتی مذاکرات جاری ہیں، مشرق وسطی تنازع میں سعودی عرب کو گھسیٹنے کی کوششوں پر تشویش ہے

پاکستان مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر آواز اٹھاتا رہے گا، مقبوضہ کشمیر میں بھارت انسانی حقوق کو یقینی بنانے کا پابند ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی خطے کی سلامتی کیلیے خطرہ ہے اور پاکستان ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ دیتے ہوئے مشرق وسطی کی صورتحال پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں کمرشل جہاز رانی کو دھمکیوں کی مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سعودی عرب کی علاقائی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کا اعادہ کرتے ہیں۔ یمن کے مسلح گروہوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے خطے کی صورتحال کو مزید خراب کریں گے۔ پاکستان کی جانب سے کشیدگی میں کمی کے لیے کوششیں جاری ہیں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 3)

امریکہ سعودیہ جوہری معاہدہ

ٹرمپ نے اسرائیل کو تسلیم کرنے کی شرط رکھ دی

جوہری تعاون صرف پُرامن اور غیر فوجی مقاصد تک محدود ہوگا، سعودی عرب کو یورینیئم افزودگی کی اجازت نہیں دی جائے گی

حوثیوں کو سخت وارننگ، ایران کو سخت سزا دی جائے گی اور حوثیوں کو بھی اپنے اقدامات کے نتائج بھگتنا ہوں گے، امریکی صدر کا بیان

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ مجوزہ سول جوہری معاہدے کی حتمی منظوری سعودی عرب کی معاہدہ ابراہیمی میں شمولیت سے مشروط ہوگی، جبکہ سعودی عرب کو یورینیئم افزودگی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا اور سعودی عرب کے درمیان جوہری تعاون صرف پُرامن اور غیر فوجی مقاصد تک محدود ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا سول جوہری پروگراموں کی مخالفت نہیں کرتا، جیسا کہ ایران، متحدہ عرب امارات اور بعض دیگر ممالک کے پاس بھی سول جوہری پروگرام موجود ہیں۔ امریکی صدر نے ایک اور بیان میں حوثیوں اور ایران کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ ایک سال قبل بحری جہازوں پر حملوں کے بعد امریکا نے حوثیوں کے خلاف انتہائی طاقتور کارروائی کی تھی، جس کے بعد حوثیوں نے کافی ذمہ داری کا مظاہرہ کیا، تاہم اب انہوں نے دوبارہ کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر حوثیوں نے دوبارہ حملہ کیا تو امریکا اس کا ذمہ دار ایران کو ٹھہرائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو سخت سزا دی جائے گی اور حوثیوں کو بھی اپنے اقدامات کے نتائج بھگتنا ہوں گے۔

بجلی کمپنیوں کی جانب سے اوور بلنگ کا انکشاف

اوور بلنگ ہماری سوچ سے بھی زیادہ ہو رہی ہے، سینیٹر افنان اللہ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بجلی کمپنیوں نے صارفین سے اوور بلنگ کے تحت اربوں روپے کا اضافی بوجھ ڈال دیا ہے جبکہ شکایت موصول نہ ہونے پر صارفین کو ان کی رقم بھی واپس نہیں کی جاتی۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی شاہدہ اختر کی زیر صدارت ہوا جہاں آڈٹ حکام نے بریفنگ میں بتایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، وفاقی وزیر چوہدری سالک نیشنل امیگریشن اینڈ ویلفیئر پالیسی کا اجراء کر رہے ہیں

مستونگ، قومی شاہراہ پر فائرنگ، سیشن جج گن مین سمیت شہید

ایڈیشنل سیشن جج اور 2 افراد شدید زخمی، عبدالحکیم کاکڑ کوئٹہ سے مستونگ جا رہے تھے

کوئٹہ، مستونگ (مانیٹرنگ ڈیسک) مستونگ میں قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے سکیورٹی گن مین شہید جبکہ ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم کے مطابق سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کوئٹہ سے مستونگ جا رہے تھے کہ قومی شاہراہ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 4)

امریکی کانگریس میں 1 کھرب ڈالر سے زائد کا دفاعی بجٹ منظور

ری پبلکن ارکان کی اکثریت نے حق میں ووٹ دیا، 6 ڈیموکریٹ ارکان نے بھی حمایت

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا کے ایوانِ نمائندگان نے سخت سیاسی مقابلے کے بعد 2027 کے نیشنل ڈیفنس آتھرائزیشن ایکٹ (این ڈی اے اے) کے تحت تقریباً ایک اعشاریہ پندرہ ٹریلین (1 کھرب 15 ارب ڈالر) سے زائد مالیت کا دفاعی بل معمولی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 0 5)

اسلام آباد، چیئرمین پی اے آر سی سید مرتضیٰ اور چینی بزنس گروپ FANSUN کے حکام معاہدہ پر دستخط کر رہے ہیں اس موقع پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین موجود ہیں

آسیان ریجنل فورم

پاکستان علاقائی امن استحکام کے تعاون کیلئے پُرعزم ہے، اسحاق ڈار

نیلا پلان آف ایکشن 2036 پر مؤثر عملدرآمد کی حمایت کا اعادہ، عالمی، علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مؤثر کثیر الجہتی تعاون ناگزیر

تنازع کشمیر کا منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں امن کی ضمانت، پاکستان منصفانہ حل کی حمایت جاری رکھے گا، نائب وزیراعظم

نیلا (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان علاقائی امن، استحکام اور تعاون کے فروغ کے لیے آسیان ریجنل فورم کے ذریعے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ اسحاق ڈار نے 33ویں آسیان ریجنل فورم سے خطاب کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 3)

پاکستان، عمان کا تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اسحاق ڈار سے عمانی ہم منصب کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (آئی این پی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ و سینیٹر اسحاق ڈار نے عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد البوسعیدی سے ملاقات کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 0 4)

امیر العظیم انتقال، وزیراعظم سمیت دیگر سیاسی و دینی رہنماؤں کا اظہار تعزیت

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنرل امیر العظیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایک صاحب بصیرت سیاست دان قرار دیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ امیر العظیم کی سیاسی میدان میں خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے مرحوم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 2)

امیر العظیم کی نماز جنازہ ادا، ہزاروں سوگواروں کی شرکت

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے نماز جنازہ پڑھائی

بہترین اخلاق کے مالک اور انسانوں کے ہمدرد تھے، حافظ نعیم الرحمن

آپکی جدوجہد مثالی جو ہر کارکن کے لیے سبق ہے، لیاقت بلوچ کا خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنرل امیر العظیم کی نماز جنازہ جمعرات کو منصورہ لاہور میں ادا کر دی گئی۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے نماز جنازہ پڑھائی اور مرحوم کی دینی و ملی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ نماز جنازہ میں سیاسی، مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، دینی و سماجی شخصیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 4)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سیکرٹری جنرل جماعت امیر العظیم کی نماز جنازہ پڑھا رہے ہیں

جوڈیشل کمپلیکس اسلام آباد میں جدید لائبریری کا افتتاح

انصاف کی فراہمی میں ڈیجیٹل اصلاحات جاری رہیں گی، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت قانونی اداروں کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ملک بھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پی ٹی آئی رہنماؤں کی ضمانت میں توسیع، گرفتار نہ کرنے کا حکم

26 نومبر احتجاج، عدالت کی اگلی سماعت میں فریقین کو دلائل دینے کی ہدایت

اسلام آباد (صباح نیوز) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج، سنجیدگی جلسے، سپریم کورٹ کے باہر احتجاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد، وفاقی وزیر مصدق ملک سے ترکیہ کی وزیر مملکت فاطمہ وارنک ملاقات کر رہی ہیں

بھارتی آبی جارحیت، دریائے چناب میں اونچے درجے کا سیلاب

فلڈ الرٹ جاری

بھارت نے سلال ڈیم کے تمام گیٹ کھول دیے، پانی کا بڑا ریلہ پاکستان کی جانب چھوڑ دیا، سیالکوٹ، وزیرآباد میں سیلابی صورتحال

دریائے چناب کے ہیڈ خانکی، قادرآباد اور تریمو پر اونچے درجے کا سیلاب ریکارڈ کیا گیا، محکمہ ایری گیشن پنجاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں تیز بارشوں کے بعد بھارت کی جانب سے پانی چھوڑے جانے کے بعد دریائے چناب میں اونچے درجے کا سیلاب ہے جس کے پیش نظر ہیڈ مرالہ اور قادرآباد پر ہائی فلڈ الرٹ جاری کر دیا گیا۔ بھارت نے سلال ڈیم کے تمام گیٹ کھولے دیے اور پانی کا بڑا ریلہ پاکستان کی جانب چھوڑ دیا۔ اس حوالے سے سیالکوٹ اور وزیرآباد کے علاقوں میں سیلابی صورتحال پر ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمہ ایریگیشن پنجاب کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل نذیر احمد اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موبائل فون صارفین بھی ٹیکسوں کے بھاری بوجھ تلے دب گئے

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں موبائل فون صارفین بھی ٹیکسوں کے بھاری بوجھ تلے دب گئے، صارفین ہر موبائل لوڈ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

وزیر خزانہ کی آئی ایم ایف انتظامیہ سے ملاقاتیں، تبادلہ خیال

واشنگٹن (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف کے فرسٹ ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر ڈین کنز، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر ناجل کلارک، آئی ایم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد، وفاقی وزیر مصدق ملک سے ترکیہ کی وزیر مملکت فاطمہ وارنک ملاقات کر رہی ہیں

ہاسٹل سسٹم میں معیاری سہولیات، طلباء کا مکمل ریکارڈ رکھا جاتا ہے

ڈاکٹر شب نیاز

ہوٹل آئی سسٹم ہاسٹلز کی نوعیت کے مطابق اپ ڈیٹ کیا جائے، ہر ماہ ہزاروں بچوں کی دوبارہ انٹری ممکن نہیں

ہاسٹل یونین پورٹل اور متعلقہ پولیس کے درمیان مکمل ڈیٹا ہم آہنگی کیلئے کمپیوٹرائز انٹری سسٹم کو اہمیت دی جائے

ہاسٹل انتظامیہ کا درپیش مشکلات کے حل کیلئے پولیس کے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ اور مکمل تعاون کی یقین دہانی

سلام آباد (نمائندہ خصوصی) ہاسٹل سٹی یونین اسلام آباد نے ہوٹل آئی (Hoteleye) سسٹم میں ہاسٹلز کی نوعیت کے مطابق فوری اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہاسٹلز کو ہوٹلوں اور گیسٹ ہاؤسز کی طرز پر چلانا نہ صرف غیر عملی ہے بلکہ اس سے طلبہ اور ہاسٹل انتظامیہ کو بھی غیر ضروری مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہاسٹل سٹی یونین اسلام آباد کے صدر ڈاکٹر شب نیاز خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہاسٹل، ہوٹل یا گیسٹ ہاؤس نہیں ہوتا بلکہ یہاں طلبہ چھ ماہ سے چار سال تک قیام کرتے ہیں۔ ہوٹلوں کے برعکس ہاسٹلز میں روزانہ چیک اِن اور چیک آؤٹ کا نظام موجود نہیں ہوتا، جبکہ نئے داخلے بھی صرف تعلیمی سیشن کے مطابق وقتاً فوقتاً ہوتے ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

وزیر تعلیم پنجاب کا ہر ہفتے سکول جا کر خود کلاس لینے کا فیصلہ

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم کی جانب سے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کو ہر ہفتے ایک سکول میں خود کلاس لینے کی ہدایت پر رانا سکندر حیات کا بیان آگیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

لاہور اور کراچی کے عوام میں فرق نہیں کرتے، شرجیل میمن

ن لیگ کی طرح مخصوص علاقوں کی نہیں پیپلز پارٹی پورے پاکستان کی جماعت ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو پنجاب کے عوام سے کوئی بغض نہیں ہے۔ پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سینیئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ جعلی مینڈیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

لاہور قائمقام سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی نذیر احمد جنجوعہ حلف اٹھا رہے ہیں

خلیج تعاون کونسل کا اقوام متحدہ سے ایران کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

نیویارک (آئی این پی) خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) نے ایران اور یمن کے حوثی گروپ پر خطے کی سلامتی اور عالمی بحری تجارت کو خطرے میں ڈالنے کا الزام عائد کرتے ہوئے عالمی برادری سے فوری اور موثر کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 6)

پاکستان کی میٹا کو ڈیجیٹل، ایس ایم ای تعاون بڑھانے کی دعوت

پاکستانی ایس ایم ایز کو ٹریننگ دینے کے میٹا پروگرام کا خیر مقدم

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر تجارت نے پاکستانی ایس ایم ایز کو ٹریننگ دینے کے میٹا پروگرام کا خیر مقدم کیا ہے۔ جام کمال خان میٹا کو پاکستان میں ڈیجیٹل معیشت اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں شراکت داری کی دعوت بھی دے دی ہے۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے جمعرات کو میٹا وفد نے ملاقات کی، وفاقی وزارت تجارت اور میٹا وفد نے ایس ایم ایز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

ماں اور بچے کی صحت و غذائیت سے متعلق سہولیات کا جائزہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا پشاور میں مولوی امیر شاہ میموریل ہسپتال میں قائم بینظیر نشوونما سہولتی مرکز کا دورہ ماں اور بچے کی صحت و غذائیت سے متعلق سہولیات کا جائزہ؛ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام پر میڈیا بریفنگ بینظیر انکم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

حساس معلومات غیر ملکی انٹیلی جنس ادارے کو فراہم کرنیوالا ملزم گرفتار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی گلگت نے کارروائی کرتے ہوئے قومی سلامتی سے متعلق حساس معلومات مبینہ طور پر غیر ملکی انٹیلی جنس ادارے کو فراہم کرنے کے الزام میں ملزم کو گرفتار کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

مون سون بارشیں لیسکو ہائی الرٹ، عملہ متحرک

شہری ٹوٹے بجلی کے تاروں اور دیگر برقی تنصیبات سے دور رہیں، اپیل

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور سمیت لیسکو ریجن کے مختلف علاقوں میں مون سون بارشوں کے پیش نظر چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کی ہدایات پر لیسکو کا فیلڈ عملہ، پی ڈی سی، کنٹرول روم اور متعلقہ افسران ہائی الرٹ ہیں، جبکہ بجلی کے نظام کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ ترجمان لیسکو کے مطابق بارش یا خراب موسمی حالات کے باعث جہاں کہیں بھی بجلی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پنجاب کے عوام کا پیسہ انہی پر لگ رہا ہے، لاڑکانہ کے نوابوں کو ہضم نہیں ہو رہا

عظمیٰ بخاری

پیپلز پارٹی کو پنجاب سے بغض ہے، پنجاب کی ترقی اور خوشحالی سے جلنے والے جلتے رہیں گے، وزیر اطلاعات

پی پی کی کارکردگی اتنی قابل رشک ہوتی تو سندھ والے مریم نواز کے سندھ کی وزیراعلیٰ بننے کی دعائیں نہ مانگتے، صوبائی وزیر

اگر لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو پنجاب سے بغض ہے، لاڑکانہ کے نوابوں کو عوام پر پیسہ لگنا ہضم نہیں ہو رہا۔ پیپلز پارٹی کے ترجمانوں کے بیانات پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہمیں معلوم ہے پیپلز پارٹی کو پنجاب سے کیوں بغض اور نفرت ہے۔ پنجاب میں پنجاب کے عوام کا پیسہ انہی پر لگ رہا ہے، یہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 4)

اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال خان سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہے ہیں

ڈی ریگولیٹڈ ادویات قیمتوں کا معاملہ، کمپنیوں سے جواب طلب

اسلام آباد (آئی این پی) ڈی ریگولیٹڈ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا معاملہ شدت اختیار کر گیا، حکومت نے فارم کمپنیوں سے جواب طلب کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ ادویات قیمتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 4)

دیو ہیکل بحری جہاز "ایم ایس سی ڈیلیٹا" کراچی پورٹ پہنچ گیا

بڑے جہازوں کی آمد سے بندرگاہ کی استعداد میں مزید اضافہ ہوگا، رپورٹ

کراچی (آئی این پی) دیو ہیکل بحری جہاز ایم ایس سی ڈیلیٹا کراچی پورٹ پر لنگر انداز ہو گیا، جو بندرگاہ کے عالمی معیار کے انفرااسٹرکچر اور آپریشنل صلاحیت کا واضح ثبوت ہے۔ رپورٹ کے مطابق دنیا کا دیو ہیکل کنٹینر بحری جہاز "ایم ایس سی ڈیلیٹا" کامیابی کے ساتھ کراچی پورٹ پہنچ گیا ہے اور کے پی ٹی کے مخصوص ٹرمینل پر لنگر انداز ہو گیا۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ نے بتایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088 / 0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

مذاکرات کا راستہ اختیار کرلیا جانا چاہیے!

ایران کے وزیر داخلہ سکندر مومنی نے گذشتہ روز وزیر اعظم ہاؤس اسلام آباد میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی اور انہیں ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا پیغام پہنچایا۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم نے خلیج میں حالیہ کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو خطے میں مزید عدم استحکام کا باعث بن سکتے ہوں۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ پاکستان ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے خطے میں امن و استحکام کے لئے اپنے مضبوط عزم کا بھی اعادہ کیا۔ اس موقع پر ایرانی وزیر داخلہ نے ایرانی قیادت کی جانب سے وزیر اعظم شہباز شریف کو نیک خواہشات اور خیر سگالی کا پیغام بھی پہنچایا۔ انہوں نے وزیر اعظم، نائب وزیر اعظم، فیلڈ مارشل اور وزیر داخلہ کی ثالثی کی انتھک کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کوششوں کے نتیجہ میں ہی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت طے پائی تھی۔ ملاقات میں خطے کی مجموعی صورت حال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ایرانی وزیر داخلہ دس روزہ جنگ بندی اور دو ہفتے کے لئے آبنائے ہرمز کھولنے کی تجویز لے کر پاکستان آئے ہیں۔ گذشتہ روز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی پریس کانفرنس میں اس ایرانی تجویز کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایران مذاکرات کی راہ پر آئے گا تو ہم بھی مذاکرات کا راستہ اختیار کریں گے تاہم ایران کو ایٹمی ہتھیار کسی صورت حاصل نہیں کرنے دیں گے۔ ایران نے امریکی حملے دوبارہ شروع ہونے پر اسلام آباد مفاہمتی یادداشت معطل کرنے کا اعلان کیا تھا تاہم اب ایرانی وزیر داخلہ کے دورہ پاکستان سے اسی مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر امریکہ، ایران مذاکرات کی میز دوبارہ سجنے کا قوی امکان پیدا ہوگیا ہے جس کے لیئے ایران کی جنگ بندی کی پیش کش قبول کر کے امریکہ ماحول کو سازگار بنا سکتا ہے۔ یہ افسوسناک صورت حال ہے کہ امریکہ اور ایران دونوں کی جانب سے ایک دوسرے کے اہداف پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث خطے میں امن وامان کے حالات مزید کشیدہ ہوگئے ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ایران کے ایٹمی مرکز نطنز پر حملے کی دھمکی دی ہے جبکہ ایران نے امریکی ایف 15 کو تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی انٹیلی جنس ایجنسی نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے اپنے ہزاروں سنٹری فیوجز" کو ملٹنگ مشتعل کر دیئے ہیں۔ امریکہ کی جانب سے یہ اعتراف بھی کیا گیا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ کے دوران رواں ماہ جولائی میں اب تک اس کے 100 فوجی زخمی ہوئے ہیں جبکہ اردن کے ائیرپورٹ پر ایران کے میزائل حملے میں دو امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر امریکی صدر سخت برہمی کا اظہار کر رہے ہیں اور اس کا بدلہ لینے کا عندیہ دے رہے ہیں۔ اس صورت حال میں امن کا راستہ تبھی نکلے گا جب دونوں فریق وزیر اعظم شہباز شریف کے مشورے پر عمل کر کے تحمل سے کام لیں گے۔ سفارتی کوششوں کا خیر مقدم کریں گے۔ یہ حقیقت ہے کہ مشرق وسطیٰ آج دوبارہ ایک ایسے نازک مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں پوری دنیا کے امن، معیشت اور سیاسی استحکام کے لیے نئے خطرات پیدا ہو رہے ہیں۔ اس صورت حال میں امریکہ اور ایران کے مابین جاری کشیدگی، ایک دوسرے پر حملوں، جوابی کارروائیوں، کامیابیوں کے دعوؤں اور نئی دھمکیوں نے حالات کو انتہائی تشویشناک بنا دیا ہے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے اہم ایٹمی مرکز نطنز کو نشانہ بنانے کی دھمکی نے اس بحران کو مزید گنجلک دھکیل دیا ہے چنانچہ ایسی صورت حال میں پاکستان کی جانب سے سفارتی سطح پر ادا کیا جانے والا متوازن اور ذمہ دارانہ کردار امید کی ایک کرن ثابت ہوسکتا ہے۔

ایرانی وزیرِ داخلہ کی وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقاتیں اسی سفارتی کوشش کا اہم حصہ ہیں جس میں ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا گیا اور دونوں ممالک نے خطے کی موجودہ صورتحال، باہمی تعاون اور امن واستحکام کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال بھی کیا۔ دورانِ ملاقات وزیر اعظم شہباز شریف نے دوبارہ اس اصولی مؤقف کا اعادہ کیا کہ تمام فریق تحمل، بردباری اور دانشمندی سے کام لیں کیونکہ جنگ کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں ہے۔ پاکستان کی یہ پالیسی نہ صرف اس کے قومی مفادات سے ہم آہنگ ہے بلکہ عالمی امن کے تقاضوں سے بھی مطابقت رکھتی ہے۔

پاکستان ماضی میں بھی علاقائی تنازعات کے حل کے لیے مفاہمت، مذاکرات اور سفارت کاری کے راستے پر گامزن رہا ہے یہی وجہ ہے کہ اسلام آباد نے امریکہ اور ایران کے مابین اعتمادسازی کے لیے سفارتی کاوشیں کیں جنہیں عالمی سطح پر بھی مثبت انداز میں پذیرائی حاصل ہوئی۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اسی سلسلے کی ایک اہم پیش رفت تھی جس کا مقصد دونوں ممالک کے مابین مذاکرات کی راہ ہموار کرنا تھا۔ اگر آج امریکہ ایران کی دس روزہ جنگ بندی کی تجویز کو قبول کرتے ہوئے اس مفاہمتی یادداشت کو عملی شکل دینے پر آمادہ ہوجائے تو نہ صرف موجودہ بحران پر قابو پایا جاسکتا ہے بلکہ مستقل مذاکرات کا ایک مؤثر راستہ بھی کھل سکتا ہے۔

اس میں کوئی دورائے نہیں کہ امریکہ اور ایران کے مابین جاری تصادم کا اثر صرف ان دو ممالک تک محدود نہیں رہے گا بلکہ خلیجی ریاستیں، تیل کی عالمی منڈیاں، بین الاقوامی تجارت، سمندری راستے، توانائی کی ترسیل اور عالمی معیشت اس کشیدگی سے براہِ راست متاثر ہو رہی ہے۔ پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک پہلے ہی مہنگائی، توانائی کے بحران اور معاشی دباؤ کی زد میں ہیں۔ اگر جنگ کا دائرہ مزید وسیع ہوا تو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوگا، تجارتی سرگرمیوں میں رکاوٹ پیدا ہوگی اور عالمی کساد بازاری جیسے خطرات مزید شدت اختیار کر سکتے ہیں۔

اس تناظر میں ایران اور امریکہ دونوں کو یہ حقیقت پیشِ نظر رکھنی چاہیے کہ طاقت کے استعمال سے کسی کو بھی پائیدار کامیابی حاصل نہیں ہوسکتی اور دیرپا امن صرف مذاکرات، اعتمادسازی اور سفارتی عمل سے ہی ممکن ہے۔ اگر مستقل امن کے لئے یہی راستہ صائب ہے تو پھر مزید انسانی جانوں کے ضیاع، معاشی تباہی اور علاقائی عدم استحکام کا بوجھ اٹھانے کے بجائے فوری طور پر مذاکرات کا راستہ اختیار کرلیا جانا چاہیے

خطہ میں امن کیلئے مشترکہ کوشش کی جائے!

دنیا ایک بار پھر اس نازک موڑ پر کھڑی ہے جہاں جنگ اور امن کے درمیان فاصلہ چند دنوں کی سفارت کاری تک محدود رہ گیا ہے۔

ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا پیغام لے کر اعلیٰ سطح کے ایرانی وفد کے ہمراہ اہم دورے پر پاکستان پہنچے تو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ان کا استقبال کرتے ہوئے کہا، امید ہے کہ ایرانی وزیر داخلہ اچھی خبر لے کر آئے ہیں۔ سکندر مومنی نے ذرائع ابلاغ سے گفتگو میں کہا کہ دورے کا بنیادی مقصد دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید فروغ دینا ہے۔ باہمی تجارتی حجم ابتدائی مرحلے میں دس ارب ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق ہوا تھا۔ پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت کا موجودہ حجم تقریباً تین ارب ڈالر ہے۔ تجارتی ہدف کے لیے ضروری ہے کہ دونوں ممالک مناسب سہولیات اور بنیادی ڈھانچا بنائیں۔ علاقائی تعاون اور خطے کی صورتحال بھی دورے کے اہم موضوعات میں شامل ہے۔



ادھر، امریکی فوج نے ایران کے خلاف مسلسل نویں رات میزائل و ڈرون لانچ سائٹس کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے مطابق، امریکی فورسز نے ایرانی فوجی کمانڈ سنٹرز، فضائی دفاع اور ساحلی نگرانی کے مقامات، بحری صلاحیتوں، میزائل اور ڈرون لانچ سائٹس اور مواصلاتی نیٹ ورکس کو نشانہ بنایا۔ تاکہ بندری کی خلاف ورزی پر ایک کمرشل جہاز کو ناکارہ بنا دیا جبکہ سات شپس کا رخ موڑ دیا۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق، امریکی حملوں کے بعد ایران کے 5 شہروں میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ ان میں شمال مغربی ایران کا اہم شہر تبریز اور دو اہم بندرگاہی علاقے بھی شامل ہیں۔ تبریز، جنوب مشرقی ساحلی شہروں چابہار اور کنارک جبکہ جنوب مغربی توانائی مراکز بندر ماہشہر اور بندر امام خمینی میں بھی دھماکے ہوئے۔

جوابی کارروائی میں ایران کی طرف سے اردن کے عقبہ ائیرپورٹ پر امریکی طیاروں کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ جب تک امریکی کارروائیاں جاری رہیں گی اس وقت تک آبنائے ہرمز ایندھن کی ترسیل کے لیے محفوظ نہیں۔ صوبہ لرستان سے دشمن اہداف کی جانب میزائلوں کی نئی لہر داغی گئی ہے۔ کویت کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ ایران نے ملک میں شہری اور اہم تنصیبات کو مسلسل نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں مختلف مقامات پر آگ بھڑک اٹھی اور بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا۔ کویت کی وزارت دفاع کے ترجمان میجر جنرل سعود عبدالعزیز نے ایک بیان میں کہا کہ ایران کی قابل مذمت جارحیت کے دوران وزارت بجلی، پانی اور قابل تجدید توانائی سے وابستہ تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ ادھر، امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ایران تنازعہ کے سفارتی حل کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران رویہ بدلے تو سفارت کاری ممکن ہے، ایران آبنائے ہرمز کو بطور دباؤ استعمال کر رہا ہے، امریکا عالمی بحری راستوں اور تجارتی جہازوں کے تحفظ کے لیے اپنی کارروائیاں جاری رکھے گا، تاہم اس ذمہ داری کا بوجھ صرف امریکا پر نہیں ہونا چاہیے، دیگر ممالک کو بھی اس مشترکہ ذمہ داری میں حصہ ڈالنا چاہیے۔ لبنان کے صدر سے ملاقات کے دوران اور فلپائن روانگی کے موقع پر ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ امریکا ایران کے ساتھ سفارتی حل کے لیے تیار ہے۔ پاکستان بھی فریقین پر زور دے رہا ہے کہ تنازعہ کا واحد حل صرف مذاکرات اور سفارتکاری سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ایران کسی مفاہمت کی شرائط کی خلاف ورزی کر رہا ہے تو وہ معاہدہ مؤثر نہیں رہ سکتا۔

دوسری جانب، ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ مذاکرات کی بحالی کے لیے ثالثوں کی تجاویز موصول ہوئی ہیں۔ ایران ان تجاویز کا جائزہ لے رہا ہے، ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ ہو رہا ہے۔ علاوہ ازیں، ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا سے جنگ اس وقت ختم ہوگی جب ایران کو میدانِ جنگ میں برتری حاصل ہوگی۔ ایرانی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ جنگ کا خاتمہ یا تو مکمل عسکری فتح کے ذریعے ممکن ہے یا پھر مذاکرات کے ذریعے۔ مذاکرات کا درست وقت وہ ہوتا ہے جب آپ فوجی محاذ پر ٹھوس میدانی اور تزویراتی کامیابیاں حاصل کر چکے ہوں۔ عباس عراقچی نے مزید کہا کہ آپ عوام کی زندگیوں اور ملک کے مستقبل کے معاملے میں خطرات مول نہیں لے سکتے، فیصلے درست اور مکمل حساب کتاب کی بنیاد پر کیے جانے چاہئیں۔

، یمن کے حوثی باغیوں نے سعودی عرب سے وابستہ بحری جہازوں کو گزرنے نہ دینے کا اعلان کر دیا ہے جس سے آبنائے باب المندب کی بندش کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ یہ اعلان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب دنیا پہلے ہی آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث توانائی کے بحران سے نبرد آزما ہے۔ اگر باب المندب بھی بند ہوجائے تو عالمی سطح پر تیل اور گیس کی ترسیل کا ایک بڑا حصہ متاثر ہوسکتا ہے جس کے اثرات نہ صرف خلیجی ممالک بلکہ ایشیا اور یورپ تک پہنچیں گے۔ یہ صورتحال اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ خطے کا بحران محض ایران اور امریکا کے درمیان محدود نہیں رہا بلکہ اس نے کئی محاذوں پر پھیلنے کی صلاحیت پیدا کرلی ہے۔ ایسے میں سفارتی کوششوں کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ محاذ آرائی جتنی وسیع ہوگی، اس کے خاتمے کے لیے اتنے ہی زیادہ تدبر اور تحمل کی ضرورت پڑے گی

پاکستان نے ماضی میں بھی خطے کے مختلف تنازعات میں ثالث اور سہولت کار کا کردار ادا کیا ہے اور اس کی جغرافیائی حیثیت، ایران کے ساتھ طویل سرحد اور خلیجی ممالک کے ساتھ دیرینہ تعلقات اسے اس نازک صورتحال میں ایک قابلِ اعتماد ثالث بناتے ہیں۔ ایرانی وفد کا اسلام آباد آنا اور دس روزہ جنگ بندی کی تجویز کا پیش کیا جانا محض ایک اتفاق نہیں بلکہ پاکستان کی مسلسل سفارتی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ پاکستانی قیادت نے بارہا اس بات پر زور دیا ہے کہ خطے میں امن اور استحکام ہر ملک کے مفاد میں ہے

مداری، بندر اور جنگل

کہانی کبھی نہیں مرتی۔ صرف اپنے کردار بدل لیتی ہے۔ بچپن میں ہم نے ایک کہانی سنی تھی۔ دو بلیاں تھیں۔ ایک روٹی تھی اور ایک بندر تھا۔ بلیاں انصاف ڈھونڈ رہی تھیں۔ بندر انصاف بانٹنے بیٹھا اور انصاف کے نام پر پوری روٹی کھا گیا۔ اس کہانی کا سبق بہت واضح تھا کہ جہاں شعور کم اور اختلاف زیادہ ہو۔ وہاں کوئی تیسرا ہمیشہ فائدہ اٹھا لیتا ہے۔ لیکن اب وہ کہانی اپنی عمر پوری کر چکی ہے۔ اس لیے نہیں کہ بندر بدل گیا ہے، بلکہ اس لیے کہ پورا جنگل بدل گیا ہے۔ آج کے بندر کو بلیوں کی روٹی چھیننے کے لیے کسی بہانے کی ضرورت نہیں رہی۔ کسی جھگڑے میں ثالث بننے کی ضرورت نہیں۔ اب وہ روٹی کے لیے خود تماشا لگاتا ہے۔

وہ کرتب دکھاتا ہے۔ قلابازیاں کھاتا ہے۔ شاخوں پر بیٹھ کر شور مچاتا ہے۔ کہیں اپنے ساتھی بندر کی جوئیں نکالتا نظر آتا ہے اور کہیں وہی ساتھی اسکے طنز اور تضحیک کا نشانہ بنتا ہے۔ ہر منظر ایک نئی توجہ پیدا کرتا ہے اور آج کے زمانے میں توجہ ہی سب سے بڑی کرنسی بن چکی ہے۔ یہ عجیب دور ہے کہ اب روٹی محنت سے کم اور توجہ سے زیادہ ملتی ہے۔ بندر تو ہمیشہ سے بندر تھے۔ اچھلنا، کودنا، شور مچانا، اپنی موجودگی کا احساس دلانا ان کی فطرت ہے۔ اصل سوال بندروں کا نہیں۔ اس جنگل کا ہے۔ جس نے بندروں کے کرتب کو اپنی سب سے بڑی مصروفیت بنا لیا ہے۔ حیرت بندروں پر نہیں، بلیوں پر ہوتی ہے۔

وہی بلیاں جو کبھی اپنی روٹی بچانے کے لیے پریشان ہوتی تھیں۔ آج اپنی مرضی سے روٹی کا بڑا حصہ بندروں کے قدموں میں رکھ دیتی ہیں۔ وہ خود اپنی توجہ، اپنا وقت اور اپنی توانائی ان کے نام کر دیتی ہیں۔ ہماری توجہ بھی ایک روٹی ہے۔

ہمارا وقت بھی ایک روٹی ہے۔ ہمارا شعور بھی ایک روٹی ہے اور اصل سوال یہ ہے کہ ہم یہ قیمتی روٹیاں روز کس کے سامنے رکھ دیتے ہیں۔ جس چیز کو ہم بار بار دیکھتے ہیں۔ وہ آہستہ آہستہ ہمارے اندر جگہ بنا لیتی ہے۔ جس طرف ہماری نظر زیادہ اٹھتی ہے۔ اسی طرف ہماری سوچ کا سفر بھی شروع ہو جاتا ہے۔ شاید اسی لیے آج کے جنگل میں بندروں کی حکومت کسی طاقت کے زور پر قائم نہیں ہوئی۔

انہیں تخت کسی نے لا کر نہیں دیا۔ ہم نے اپنی نگاہوں سے ان کے لیے تخت تراشے ہیں۔ اپنی گفتگو سے ان کے لیے تاج بنائے۔ اپنی فرصتوں سے ان کی سلطنتیں آباد کیں۔ ہم نے انہیں بادشاہ بنایا۔ پھر ان کی بادشاہت پر حیران بھی ہوتے رہے۔ پہلے مداری بندر کو نچاتا تھا۔ مداری کے ہاتھ میں ڈگڈگی ہوتی تھی۔ اشارہ ہوتا تھا۔ حکم ہوتا تھا۔ بندر جانتا تھا کہ کب اچھلنا ہے۔ کب بیٹھنا ہے۔ کب سلام کرنا ہے۔ مگر آج کا منظر مختلف ہے۔ آج مداری کہیں دکھائی نہیں دیتا۔ غیر مرئی ہے۔ کیونکہ بندروں نے وہ سب کچھ سیکھ لیا ہے۔ جو کبھی مداری سکھایا کرتا تھا۔ بلکہ شاید اس سے بھی زیادہ۔

جو پس دیوار ہے، وہ باعث حیرت نہیں
سامنے کا یہ تماشا صورت تشکیک ہے

ڈاکٹر سعدیہ بشیر

اب وہ خود اپنا اسٹیج سجاتے ہیں۔ خود اپنا تماشا ترتیب دیتے ہیں۔ خود ہجوم اکٹھا کرتے ہیں۔ خود تالیاں پیدا کرتے ہیں اور خود ہی اپنی مقبولیت کا جشن مناتے ہیں۔ انہیں معلوم ہے کہ شور خاموشی سے زیادہ تیزی سے پھیلتا ہے۔ انہیں معلوم ہے کہ تنازع حکمت سے زیادہ توجہ حاصل کرتا ہے۔ انہیں معلوم ہے کہ تماشا تعمیر سے زیادہ جلدی مقبول ہو جاتا ہے اور مسلسل نظر آتے رہنا، مفید ہونے سے زیادہ اہم سمجھا جانے لگا ہے۔ ہجوم جہاں جمع ہوتا ہے۔ وہاں بڑا ہو جاتا ہے۔ خواہ وہ حقیقت میں کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو۔ اب جنگل میں ناقد بھی بندر ہیں اور تنقید کے نام پر تماشا کر رہے ہیں۔ اور ان کی مسلسل تنقید اس تماشے کی عمر بڑھا رہی ہے۔ وہ صبح بندروں کے بیانات پڑھتے ہیں۔ دوپہر ان پر بحث کرتے ہیں۔ شام ان کے نئے کرتب کا تجزیہ کرتے ہیں اور رات انہی کے بارے میں سوچتے ہوئے گزار دیتے ہیں۔ اور اس تماشے کو زندہ رکھنے کا کام کر رہے ہیں۔ یہ دور معلومات کا نہیں، توجہ کی جنگ کا دور ہے۔ جس نے آپ کی توجہ حاصل کر لی، اس نے آپ کے وقت پر قبضہ کر لیا۔ جس نے آپ کے وقت پر قبضہ کر لیا۔ اس نے آپ کی سوچ کو متاثر کر دیا۔ اور جس نے آپ کی سوچ کو قابو کر لیا۔ اس نے آپ کی آزادی کے سب سے اہم حصے کو چھو لیا۔ غلامی مصروفیت کی زنجیروں سے بھی پیدا کی جا سکتی ہے۔ آپ کو اتنے تماشوں میں الجھا دیا جاتا ہے کہ آپ کو اپنے اندر جھانکنے کی فرصت ہی نہیں ملتی۔ آپ دوسروں کی زندگیوں کے شور میں اتنے کھو جاتے ہیں کہ اپنی خاموشیوں کی آواز سننا بھول جاتے ہیں۔ تو میں اس وقت بھی کمزور ہو جاتی ہیں جب ان کے ذہن غیر ضروری چیزوں سے بھر جائیں۔ خالی خزانہ دوبارہ بھرا جا سکتا ہے۔ لیکن منتشر شعور کو دوبارہ جمع ہونے میں بہت وقت لگتا ہے۔ اس لیے شاید اس عہد میں سب سے بڑی مزاحمت شور کے خلاف شور مچانا نہیں۔ بلکہ اپنے شعور کی حفاظت کرنا ہے۔ ہر تماشا قابل دید نہیں ہوتا۔ ہر بحث دانش مندی نہیں ہوتی۔

ہر آواز قابل سماعت نہیں ہوتی۔ جنگل ہمیشہ بندروں سے خالی نہیں ہوگا۔ نہ تماشے ختم ہونگے، نہ شور لیکن شاید کسی دن بلیاں اپنی روٹی واپس سنبھال لیں گی۔ وہ روٹی جو صرف آٹے کی نہیں، وقت کی بھی ہے۔ صرف وقت کی نہیں، توجہ کی بھی ہے۔ صرف توجہ کی نہیں، شعور کی بھی ہے اور شاید اصل سوال بھی یہی ہے۔ جنگل میں بندروں کی حکومت بندروں نے قائم نہیں کی تھی۔ وہ تو ہمیشہ سے بندر تھے۔ حکومت تو ان نگاہوں نے قائم کی تھی جو ہر صبح اپنے خواب چھوڑ کر بندروں کے تماشے دیکھنے آجاتی تھیں اور تاریخ گواہ ہے کہ ہر تماشا اسی دن ختم ہونا شروع ہوتا ہے جس دن تماشائی اپنی نظریں پھیر لیتے ہیں اور جس دن ایک معاشرہ اپنی توجہ واپس لے لیتا ہے۔ اسی دن بندروں کی سلطنتیں گرنا شروع ہوجاتی ہیں۔

داخلہ لے لو داخلہ

اب یہ تو ہونا ہی تھا جو اس وقت درسگاہوں میں کساد بازاری کا منظر نظر آرہا ہے اگر کوئی یہ کہتا ہے تعلیم روزگار کے لئے نہیں شعور حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے، وہ خود بے روزگاری کے ہاتھوں مارا مارا پھرا ہو تو اسے عقل آجائے کہ تعلیم حاصل کر کے بے روزگار پھرنا زیادہ تکلیف دہ اور مشکل ہوتا ہے۔ کل ایک نوجوان ملا، فوٹو اسٹیٹ کی مشین لگا کر روزگار کما رہا تھا۔ باتوں باتوں میں کہنے لگا میں سیاسیات میں ایم فل ہوں۔ کہیں جاب نہ ملی تو دوستوں اور عزیزوں سے قرض لے کر یہ مشین لگا لی۔ اب سوچتا ہوں میٹرک کرنے کے بعد لگا لیتا تو آج میری اپنی دکان اور اپنا کاروبار ہوتا۔ عرصہ دراز سے یہ بات مشاہدے میں آرہی تھی کہ جامعات بے روزگار پیدا کرنے کی فیکٹریاں بن گئی ہیں ایسی تعلیم دے رہی ہیں، ایسی ڈگریاں بانٹ رہی ہیں جن کا معاشرے میں کوئی مصرف ہی نہیں وائس چانسلر زمل بیٹھ کے غور کریں اس بحران سے کیسے نکلنا ہے، مگر وائس چانسلرز تو ٹھہرے وائسرائے۔ یونیورسٹیوں کو ریاست سمجھ کے چلانے والے ان نادیدہ وروں نے مکھی پر مکھی مارنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ اب نتیجہ یہ بھگت رہے ہیں کہ داخلے نہیں ہو رہے۔ نوجوانوں نے ان یونیورسٹیوں سے منہ موڑ لیا ہے۔ کئی شعبوں میں تو درخواستیں ہی نہیں آئیں، جن میں آئی ہیں وہ گنجائش سے کہیں کم ہیں، پھر میرٹ بھی جو کبھی 90 فیصد تک رہتا تھا، اب چالیس فیصد تک گر گیا ہے۔ اب جان کے لالے پڑ گئے ہیں کیونکہ یونیورسٹیوں کو ریونیو کم ملے گا۔ بے تحاشا اخراجات جو غیر تعلیمی شعبوں پر خرچ کئے جاتے تھے ان کی وجہ سے یہ یونیورسٹیاں پہلے ہی خسارے کے بجٹ کا سامنا کرتی تھیں اب تو یہ گنجائش بھی نہیں رہی کہ فیسیں بڑھا کے خسارہ پورا کرلیں گی۔ اب دہائی دی جائے گی پنجاب حکومت یونیورسٹیوں کی گرانٹ بڑھائے۔ کچھ تو تعلیم کا بھی خیال کرے۔ یعنی بے وقعت کریں یہ وائس چانسلر اور فنڈز بڑھائے، پنجاب یا وفاقی حکومت، جس قسم کے کورسز پڑھائے جارہے ہیں ان کی موجودگی میں تو طالب علم شاید مفت تعلیم پر بھی راغب نہ ہوں۔ تو صاحبو! کہتے نہیں پورا بیڑہ ڈوب گیا ہے۔ ایک طرف یہ حال ہے تو دوسری طرف ان یونیورسٹیوں کے انتظامی حالات دیکھیں تو یوں لگتا ہے کہ نیرو کورس کے علاوہ کوئی کام نہیں کہ بے چینی کی بانسری بجاتا رہے۔ پنجاب یونیورسٹی جیسے بڑے ادارے میں اساتذہ تنخیوں اور وائس چانسلر میں ٹھنی ہوئی ہے۔ بہاء الدین ذکریا یونیورسٹی ملتان میں تمام ایسوسی ایشنیں وائس چانسلر کے خلاف متحد ہوگئی ہیں یعنی یہ حال ہے کہ طوفان دروازے پر دستک دے رہا ہے اور مکین آپس میں زیادہ سے زیادہ اختیارات یا مالی مفادات پر اُلجھ رہے ہیں۔ یونیورسٹی چلانے کے لئے نظام بنانے والوں نے کچھ چیک اینڈ بیلنس رکھے تھے مگر وائس چانسلروں کو مغلیہ بادشاہ بننے کی ایسی عادت پڑ گئی ہے کہ وہ یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ اور سینٹ کو راستے کا پتھر سمجھتے ہیں۔ اول تو ان میں اپنے من پسند چہیتے ممبر بناتے ہیں کام نہ چلے تو ان کا اجلاس ہی نہیں ہونے دیتے۔

جب وائس چانسلرز جامعات کے سینئر اساتذہ سے مشاورت ہی نہیں کریں گے تو کسی مسئلے کا حل کیسے نکلے گا۔ وائس چانسلر جو ٹیم کا لیڈر ہوتا ہے خطرے کو بھانپتے ہوئے اکیڈمک کونسل کا اجلاس بلا کے یہ ٹاسک نہیں دے گا کہ نصاب اور کورسز میں ایسی تبدیلیاں کی جائیں جو ڈگری حاصل کرنے والے نوجوانوں کو روزگار کے قابل بنا سکیں۔ اس وقت تک داخلوں کا بحران کیسے دور ہو سکے گا۔ حالت تو یہ ہو چکی ہے کہ ڈی فارمیسی جیسے شعبوں کا میرٹ حیران کن حد تک گر چکا ہے، پہلے اس شعبے میں ایم بی بی ایس میں داخلے سے محروم رہ جانے والے داخلہ لیتے تھے اور میرٹ بہت اونچا رہتا تھا۔ سوشل سائنسز کے شعبے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ ان شعبوں سے فارغ التحصیل ہونے والوں کو محکمہ تعلیم سکول و کالج میں نوکریاں مل جاتی تھیں۔ اب یہ نوکریاں تو ناپید ہو چکی ہیں۔ روزانہ ہی خبر آجاتی ہے کہ پنجاب حکومت نے سکول اساتذہ کی ہزاروں آسامیاں ڈاؤن سائزنگ کے نام پر ختم کردی ہیں جبکہ کالجوں میں لیکچرار کی اسامیاں بھی آئے کئی سال بیت گئے ہیں اور عارضی اساتذہ کے ذریعے انہیں رکھ کر کام چلایا جارہا ہے۔ جہاں تک نجی شعبے کے تعلیمی اداروں کا تعلق ہے وہاں تنخواہیں شرمناک حد تک کم دی جاتی ہیں اب اس تناظر میں تعلیم یافتہ نوجوان کہاں جائیں۔ اپنے گھر میں جب آج کا نوجوان دو تین پڑھے لکھے بہن بھائیوں کا حشر دیکھتا ہے تو اسے اس نظام تعلیم سے خوف آنے لگتا ہے۔ یہ اس خوف کا نتیجہ ہے کہ وہ یونیورسٹیوں سے دور ہو گیا ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ پنجاب یونیورسٹی، گورنمنٹ کالج لاہور، ایف سی کالج لاہور اور ان جیسے دیگر بڑے اداروں میں داخلہ ایک خواب ہوتا تھا، جسے مل جاتا وہ سمجھتا اسے قارون کا خزانہ مل گیا ہے۔ اب یہ داخلہ ڈراؤنا خواب بن گیا ہے، جس سے نوجوان بدک رہے ہیں۔

اب اگر کوئی خوش فہمیوں کا بادشاہ یہ سمجھتا ہے کوئی بات نہیں یہ وقتی بحران ہے گزر جائے گا اور داخلوں کی پھر وہی ریل پیل شروع ہوجائے گی تو اسے اعلیٰ درجے کا تمغہ حماقت دینے کی ضرورت ہے۔ بحران کیسے گزر جائے گا؟ کیا ملک میں روزگار کا سیلاب آجائے گا، یہ جو ڈگریاں جاری کی جارہی ہیں ان کی مانگ بڑھ جائے گی؟ ہر طرف ان ڈگریوں کے چرچے ہونے لگیں گے نہ صرف وہ ہزاروں نوجوان جو پہلے ہی ان ڈگریوں کو اٹھائے پھر رہے ہیں با روزگار ہو جائیں گے بلکہ جو نئے نکلیں گے ان کے سامنے روزگار دینے والے دیدہ و دل فرشِ راہ کئے کھڑے ہوں گے۔ کیا ایسی سوچ ان یونیورسٹیوں کو حیران سے نکال سکتی ہے۔



فرمودات قائد

پاکستان قائم رہنے کیلئے بنا ہے اور ہمیشہ قائم رہیگا لیکن دو آزاد مساوی اور خود مختار مملکتوں کی حیثیت میں ہم بھارت سے دوستی یا معاہدہ کرنے پر ہمیشہ تیار ہیں، جس طرح کہ ہم دنیا کے اور ملکوں سے معاہدے کر سکتے ہیں۔

(رائٹر کے نمائندے سے انٹرویو 25 اکتوبر 1947ء)

SHEHAR NAMA شہرنامہ

اشاعت خاص

مرکز اسلام ادارہ کنزالایمان اسلام آباد

دین متین کی خدمت میں مصروف عمل

رپورٹ
بنت قاسم اعوان
احمد رضا خان

..قولہ تعالیٰ.....وعلم آدم الاسماء کلھا.....الثانی.... الرحمن علم القرآن وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیم.....دینی مدارس.....کا تعلق....قول مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ھے..... پہلا دینی ادارہ سید الانبیاء محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود قائم فرمایا.....اصحاب صفہ.....پھر...صحابہ کرام رضی ا

بقیہ نمبر 1

راقمہ بھی ادارہ میں اپنے کام سرانجام دینے میں بھرپور کاوشیں کر رہی ہیں۔اور اسی کے ساتھ میرے غم کرم کی بڑی بیٹی بھی اس میں بھرپور ساتھ دے رہی ہے۔اج ادارہ کنز الایمان انتہائی کسمپرسی اور مشکلات کے باوجود علم کی شمع جلانے میں گرم ہے۔۔۔۔شعبہ حفظ سے اس سال انشاءاللہ۔۔۔۔۔ 30 بچوں نے قرآن مجید ناظرہ 12 حفظ کی تکمیل کی۔۔۔۔10 کے قریب خطباء وائعہ کورس۔۔۔۔۔۔ مکمل کیا۔۔۔۔۔ بحمدہ تعالیٰ۔۔۔۔۔۔ صبح نور سے لیکر۔۔۔۔۔ رات گئے تک۔۔۔۔۔ قرآن مجید کی مقدس گونج ادارہ میں بلند رہتی ہے۔۔۔۔۔ ادارہ کنز الایمان میں بچوں بچیوں کی الگ الگ حفظ القرآن ناظرہ تجوید قرات کی کلاسز ہیں۔۔۔۔۔ رہائشی طلباء۔۔۔۔۔ بھی ہیں۔۔۔۔۔ جن کی رہائش۔۔۔۔۔تین وقت کا کھانا۔۔۔۔کپڑے دھلے ہوے ملتے ہیں۔۔۔علاج معالجہ بھی ادارہ کے ذمہ ھے۔۔۔۔۔تین وقت کا لنگر استاذی المکرم کی اہلیہ ام العباس خود تیار کرتی ہیں اور طلباء کی خدمت اللہ تعالیٰ نے ایکو نصیب فرمائی ہے۔۔۔سلسلہ روحانی علاج۔۔۔۔روزانہ بلاناغہ۔۔۔۔۔عصر سے مغرب تک۔۔۔۔۔ ادارہ میں بذریعہ قرآن وظائف استخارہ سے مختلف بیماریوں کا علاج کیا جاتا ہے۔۔۔۔جسمیں مرد خواتین فیضیاب ھورھے ہیں۔۔اختتامیہ۔۔۔۔25 جولائی بروز ہفتہ مرکز اہل سنت ادارہ کنز الایمان پنڈ وڑیاں شریف اسلام آباد کا 11 سالانہ جلسہ دستار فضیلت تقسیم اسناد بعنوان مہر ورضا کانفرنس برائے ایصال۔۔۔۔ والد محترم حاجی محمد اقبال اعوان رحمۃ اللہ علیہ والدہ محترمہ چھپڑی جنڈ انک، زیر سرپرستی۔ استاذ العلماء علامہ ابوالعباس محمد ہاشم حقانی القادری بانی ومہتمم ادارہ کنز الایمان پنڈ وڑیاں شریف اسلام آباد۔ زیر نگرانی صاحبزادہ علی عباس حقانی، مہمانان گرامی۔ علامہ مفتی ناصر محمود ساقی رضوی خطیب جامع شیشوں والی کٹاریاں راولپنڈی، استاذ العلماء علامہ نورزمان رضوی صاحب خطیب جامع مسجد مزمل شکریال راولپنڈی چوہدری صفدر حسین ساہی۔ نمبردار اسد عباس ایم پی اے راولپنڈی۔۔ادارہ کنز الایمان پنڈ وڑیاں شریف اسلام آباد کے فاضلین علماء کرام جو پورے ملک میں دین کی ترویج واشاعت کے لیے کام کررہے ہیں۔۔۔جن میں چند معروف شخصیات ہیں۔۔ مولانا راجہ عاطف حسن قادری بانگ کانگ، مولانا قاری نبیل حیدر یواے ای۔ مولانا قاری محمد عمران حقانی۔ نیلور اسلام آباد۔ مولانا قاری محمد عثمان چشتی۔ راولپنڈی۔ مولانا قاری محمد اکرم اعوان۔ شکریال اسلام آباد۔ مولانا قاری محمد شاھد حقانی۔ مزل ٹاون شکریال راولپنڈی مولانا شاکر نصیر حقانی۔ قدیر روڈ راولپنڈی۔ مولانا قاری محمد اخلاق نقشبندی علی پور اسلام آباد۔ مولانا قاری محمد شہزاد چشتی سوھان اسلام آباد، مولانا قاری محمد ریاض چشتی چاہ سلطان راولپنڈی، مولانا قاری عبدالوحید اعوان، چاہ سلطان راولپنڈی مولانا طفیل چشتی راولپنڈی، مولانا قاری شیراز مغل۔۔ اسلام آباد۔۔مولانا قاری اعجاز چشتی۔ مہربہ قرآن اکیڈمی اسلام آباد۔ مولانا قاری محمد اعجاز میروی ڈھوک للیال راولپنڈی۔، مولانا قاری جہانزیب ستی، برما ٹاون اسلام آباد۔ مولانا قاری سید افتخار حسین شاہ کاظمی، راولپنڈی۔ مولانا قاری شعیب شاہ کاظمی، ڈھوک للیال راولپنڈی۔ مولانا قاری سجاد حسین شاہ کاظمی فضائیہ کالونی راولپنڈی، مولانا قاری خالد حسین ہارونی ترلائی اسلام آباد۔ مولانا قاری قاری محمد اخلاق نقشبندی۔ زراج ھاوسنگ سوسائٹی راولپنڈی، مولانا قاری سمیع اللہ علوی، رزاج ھاوسنگ سوسائٹی راولپنڈی۔ مولانا سائیں وقاص قادری پنڈ وڑیاں شریف اسلام آباد۔ مولانا شعیب رضوی۔ چوراشریف۔۔ مولانا قاری محمد رفیق حقانی۔ ہری پور ہزارہ۔ مولانا قاری حنفواز حقانی کلیام شریف۔۔ 2026 میں فارغ التحصیل ھونے والے علماء کرام۔۔۔۔ حفاظ کرام۔۔ قراء حضرات۔۔۔۔پیر سید شعیب شاہ کاظمی مانسہرہ۔ پیر سید افتخار حسین شاہ کاظمی مانسہرہ۔ پیر سید مولانا قاری اعجاز چشتی ڈیرہ اسماعیل خان، مولانا قاری جہانزیب ستی کوٹلی ستیاں۔۔ حفاظ کرام۔۔ حافظ احمد علی حقانی۔۔ حافظ حسنین حقانی۔ حافظ محمد معیز ظہیر عباسی۔ حافظ راحیل مغل۔ حافظ زین اجمل اعوان۔ حافظ سید احتشام شاہ کاظمی۔ حافظ عمیر سجاد۔ حافظ راجہ فرخ حبیب۔ حافظ سعد بن سعید۔ استاذی المکرم ۔ صاحبزادی حافظہ اقراء فاطمہ نے بھی حفظ کی تکمیل کی۔۔۔۔۔۔۔ہم سالانہ جلسہ دستار فضیلت تقسیم اسناد کے موقع پر روز شہرنامہ کی طرف سے خصوصی ایڈیشن کے اہتمام پر ھدیہ تشکر وتبریک پیش کرتے ہیں بالخصوص راجہ جاوید اختر صاحب چیف ایڈیٹر شہرنامہ اسلام آباد آپکی جملہ ٹیم کو ھدیہ تشکر وتبریک پیش کرتے ہیں۔۔۔۔۔ صاحبزادہ علی عباس حقانی شعبہ انفارمیشن زیر تعمیر مرکز اہل سنت ادارہ کنز الایمان پنڈ وڑیاں شریف اسلام آباد رابطہ نمبر 03175709050300526120 6

بقیہ نمبر 2

شپ 2026 میں ایونٹ دوسرے دن مزید تین دلچسپ میچ کھیلے گئے جن میں سری لنکا ازبکستان اور پاکستان نے اپنے اپنے حریفوں کو شکست دے کر اہم کامیابیاں حاصل کیں پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد کے لیاقت جمنازیم میں کھیلے گئے پہلے میچ میں سری لنکا نے منسنی خیز اور کانٹے دار مقابلے کے بعد نیپال کو 3-2 سے شکست دی دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل پیش کیا اور میچ آخری لمحات تک دلچسپی کا مرکز بنا رہا اس کامیابی کے ساتھ سری لنکا نے ایونٹ میں اپنی پوزیشن مزید مضبوط کرلی دوسرے میچ میں ازبکستان نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے قازقستان کو 3-2 سے شکست دے دی دونوں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلہ دیکھنے میں آیا تاہم فیصلہ کن لمحات میں ازبکستان نے بہتر کھیل پیش کرتے ہوئے کامیابی اپنے نام کر لی دن کے تیسرے اور اہم میچ میں میزبان پاکستان نے بنگلہ دیش کو مسلسل تین سیٹس میں شکست دے کر ایونٹ میں ایک اور اہم فتح حاصل کی پاکستانی ٹیم نے شاندار دفاعی اور جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین سے بھرپور داد وصول کی لیاقت جمنازیم میں کھیلے گئے تینوں مقابلے انتہائی دلچسپ رہے جہاں کھلاڑیوں نے اعلیٰ معیار کی والی بال پیش کی اور شائقین نے ہر میچ کو بھرپور انداز میں سراہا ٹورنامنٹ میں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلے جاری ہیں جس کے باعث آئندہ میچوں میں بھی دلچسپ مقابلوں کی توقع کی جارہی ہے

بقیہ نمبر 3

اور تفتیش میں کسی بھی سطح پر غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ایس ایس پی آپریشنز اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن کو ہدایت کی کہ تمام شعبہ جات کی کارکردگی کا مسلسل جائزہ لیا جائے اور انہیں مقررہ معیار کے مطابق بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 4

کا فلیٹ بھی اس اسکیم کے تحت خریدا جا سکے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بینک ایک کروڑ روپے تک قرض فراہم کریں گے، جس کی مدت 20 سال ہوگی۔ پہلے 10 سال کے لیے مارک اپ کی شرح 5 فیصد مقررہ ہوگی۔ قرض کے حصول کے لیے آن لائن پورٹل قائم کر دیا گیا ہے اور بینک درخواست گزاروں سے کسی قسم کے پراسیسنگ چارجز وصول نہیں کریں گے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق تنخواہ دار افراد صرف تنخواہ کی پرچی جمع کرا کے قرض حاصل کر سکیں گے، جبکہ دکانوں یا غیر رسمی شعبے سے وابستہ افراد بجلی کے بل یا موبائل ٹاپ اپ جیسے شواہد کے ذریعے اپنی درخواست جمع کرا سکیں گے۔ بینک درخواست موصول ہونے کے 15 روز کے اندر جواب دینے کے پابند ہوں گے، جبکہ قرض قبل از وقت یکمشت ادا کرنے کی بھی اجازت ہوگی اور اس پر کوئی جرمانہ عائد نہیں کیا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ ملک میں اس وقت ایک کروڑ گھروں کی کمی ہے، جس میں ہر سال تقریباً ساڑھے تین لاکھ گھروں کا مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ جون 2026 تک بینک مجموعی طور پر 293 ارب روپے کی ہاؤسنگ فنانسنگ فراہم کر چکے ہیں، جبکہ ہاؤسنگ فنانس سے مستفید ہونے والے صارفین کی تعداد 65 ہزار 414 ہے۔

بقیہ نمبر 5

طلب کی، جس میں علاقہ بھر سے شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ میٹنگ میں امن و امان کی صورتحال اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اہلیانِ علاقہ نے عمران نواز کی بطور ایس ایچ او دوبارہ تعیناتی پر شدید مسرت کا اظہار کیا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ یہ بہادر نوجوان افسر پہلے بھی یہاں فرائض سرانجام دے چکے ہیں اور انہوں نے انتہائی خلوصِ نیت کے ساتھ عوام کی خدمت کی، جس پر عوام ان سے بے حد خوش ہیں۔اس موقع پر علاقے میں ٹی آر سی (TRC) دفتر قائم کرنے کے لیے ایک موزوں جگہ کا انتخاب اور تعین بھی کیا گیا۔ جگہ کی حتمی سلیکشن کے بعد ایڈیٹر عوامی میڈیا و سیکرٹری جنرل سفیر اختر عباسی نے خصوصی دعا کروائی۔میٹنگ میں ملک انعام جبری، کوہالہ اور درکوٹ سمیت دیگر قریبی علاقوں کی معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ایس ایچ او مکھنیال کو جرائم کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ نمبر 6

،ڈولفن سکواڈ نے مشکوک موٹر سائیکل سوار کو رکنے کا اشارہ کیا، فرار کی کوشش ناکام۔ ترجمان ڈولفنڈ ولفن ٹیم نے سٹاپ اینڈ سرچ کے دوران ملزم کو یتیم خانہ چوک پر راؤنڈ اپ کر لیا ملزم کے قبضہ سے 100 گرام سے زائد آئس برآمد۔

بقیہ نمبر 7

کرنے چاہیے تھے، یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں پارٹی کے عہدے داروں، مقامی رہنماں اور ورکرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، ڈاکٹر محمد حنیف مغل چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد نے مزید کہا کہ عوامی سطح کے مسائل کو حل کرنا ہی ہمارا پارٹی منشور ہے، پارٹی ورکرز ہی ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں ہم پاکستان کے مختلف علاقوں میں جا کے پارٹی کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مضبوط کرنے کے لیے ایک پالیسی دیں گے جس میں عام آدمی کے پاس طاقت آئے اس کے مسئلے سنے جائیں گے اس کے آئندہ نسلوں کے لیے کام ہوگا اور یہ کام پاکستان تحریک شاد باد کرے گی۔

بقیہ نمبر 8

۔ان خیالات کا اظہار پیر سید مخدوم عباس محمد شاہ ہمدانی سرپرست اعلیٰ دربار عالیہ بھگالی شریف نے ایک معروف مارکی میں دربار عالیہ کے خادمین اور عقیدت مندوں کے اعزاز میں دیے گئے عشائیہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا جس کی صدارت پیر سید محمد جابر علی شاہ ہمدانی سجادہ نشین دربار عالیہ بھگالی شریف نے فرمائی۔عشائیہ سے قبل ایک روحانی وجدانی محفل پاک کا بھی اہتمام کیا گیا ،جس کا انغاز قاری شبیر احمد عثمانی نے تلاوت کلام پاک سے کیا اور علی برادران نے ہدیہ نعت پیش کی۔ عشائیہ میں سادات ہمدانیہ،صحافی برادری اور عرس مبارک کے موقع پر دور و نزدیک سے مریدین ،عقیدت مندوں،خادمین ودیگر اپنی اپنی ڈیوٹی اور ذمہ داریاں ادا کرنے والے احباب نے بھرپور شرکت کی۔ پیر سید جابر علی شاہ ہمدانی سجادہ نشین دربار عالیہ بھگالی شریف نے گزشتہ سال میں وفات پانے والے مریدین،عقیدت مندوں کیلئے دعا مغفرت اور بلندی درجات اور ملک وقوم کی سلامتی امن وامان اور ملکی ترقی کی خصوصی دعا فرمائیں

بقیہ نمبر 9

شکایات کے بروقت ازالے کے ویژن کے تحت گوجرخان میں کھوکھے داران سے متعلقہ مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے دائر درخواست پر باقاعدہ کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، کمیٹی نے آئندہ اجلاس میں کھوکھے داران کے ساتھ مبینہ بے ضابطگیوں،قواعد وضوابط کی خلاف ورزی اور کرپشن سے متعلق الزامات کا تفصیلی جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، ذرائع کے مطابق کمیٹی نے بلدیہ گوجرخان کے ایڈمنسٹریٹر واسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور، ریگولیشن کلرک اور دیگر متعلقہ افسران کے کردار کا جائزہ لینے کے لیے خصوصی آڈٹ کرانے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔کمیٹی نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی ہے کہ وہ آئندہ سماعت پر مکمل ریکارڈ، معاہدات، فائلیں، آڈٹ رپورٹس، مالیاتی دستاویزات اور دیگر متعلقہ ریکارڈ پیش کریں تاکہ تمام حقائق کا غیر جانبدارانہ جائزہ لے کر قانون کے مطابق فیصلہ کیا جا سکے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے واضح کیا ہے کہ اگر تحقیقات کے دوران کسی سرکاری اہلکار یا متعلقہ فرد کی جانب سے بے ضابطگی، اختیارات کے ناجائز استعمال یا کرپشن ثابت ہوئی تو ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی اور قومی خزانے اور اثاثے کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔درخواست گزار ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ نے کمیٹی کی کارروائی کو عوامی مفاد میں اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے تحقیقات مکمل شفافیت، میرٹ اور قانون کے تقاضوں کے مطابق مکمل کی جائیں گی اور ذمہ دار افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا

بقیہ نمبر 10

ہیں۔انہوں نے کہا کہ داخلی اور علاقائی چیلنجز کے حل کے لیے مذاکرات، آئینی عمل اور ذمہ دار سفارت کاری ہی واحد قابلِ عمل راستہ ہیں۔

بقیہ نمبر 11

معاشرے کے محروم طبقات، خصوصاً یتیم بچیوں کی کفالت اور تعلیم کے لیے کام کرنے والے ادارے قابلِ تحسین ہیں۔انہوں نے میڈم بتول بی بی کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔حسیب احمد شیخ نے بھی فاؤنڈیشن کی سماجی خدمات کو سراہا اور کہا کہ ایسے ادارے معاشرے میں امید اور مثبت تبدیلی کی علامت ہیں۔

بقیہ نمبر 12

کیا گیا وہ خطرات سے بھری ہوئی ہے حادثہ ہونے پر بڑے نقصان کا خدشہ لاحق ہے، غیر قانونی ورکی منصوبہ پر حکام بالا نوٹس لیں، تاجر رہنما، تفصیلات کے مطابق گوجرخان کھوکھا بازار کے سابقہ عہدیدار مرزا محمود نذر نے اپنے بیان کہا کہ شہر کے رہائشی علاقہ کو چہ شیخاں میں کھوکھا جات متاثرین میں سے من پسند افراد کو ساتھ ملا کا جا رہا ہے کہ یہ جگہ متاثرین کھوکھا جات کے لیے مختص کی گئی ہے جبکہ رہائشی جگہ کو بغیر کمرشل منظوری کے کمرشلائزیشن بنایا گیا، اور بغیر نقشے کے تعمیرات کا سلسلہ شروع ہوگیا

بقیہ نمبر 13

رہی۔مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد رفیق بھٹہ نے منصفی استحکام اور طریقہ کار کے حوالے سے اہم گفتگو کی ۔آخر میں کی تاحیات رفاقت مکمل کرنے والے رفاء میں اسناد سند تقسیم کی گئی۔

بقیہ نمبر 14

درپیش سفری مشکلات میں ملم ہوسٹیل، کوٹلی لورہ سے نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر سالی سینیٹوریم تک گرین، ماحول دوست بس سروس فراہم کرنے کی اپیل کرتے ہوئے معززین علاقہ سابق وفاقی وزیر اور کے پی کے جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن جاوید مرتضیٰ عباسی، چیئرمین عقیل عباسی المعروف گوشی، بزرگ مسلم لیگی رہنما حبیب الرحمن اور سرگرم نوجوان مسلم لیگی رہنما یاسین عباسی نے کہا ہے کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا کی سرحد پر واقع دیہی علاقوں کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی اشد ضرورت ہے انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا کہ علاقے کی عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے گرین میٹرو بس سروس کا دائرہ کار کوٹلی لورہ تک بڑھایا جائے، تاکہ مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف سے بے پناہ محبت کرنے والے عوام کو سفری سہولیات میسر آسکیں، ان کی روزمرہ مشکلات میں کمی آئے اور علاقے میں ترقی وخوشحالی کا عمل مزید تیز ہو

بقیہ نمبر 15

نظر شہریوں اور سیاحوں کو ہدایت کی ہے کہ بارش کے دوران موٹر سائیکل اور گاڑی چلاتے ہوئے خصوصی احتیاط کریں، رفتار کم رکھیں، پھسلن والی سڑکوں پر محتاط ڈرائیونگ کریں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں، ریسکیو 1122 مری کی جانب سے مون سون سیزن کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال ثابت ہوگا ہم نعروں پر نہیں عمل پر یقین رکھتے ہیں ہم حکومت میں نہ ہونے کے باوجود بھی مختلف ہیں، شہری کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر 1122 پر کال کریں۔

بقیہ نمبر 16

عقیدت واحترام سے منائی جائے گی۔تقریب کی صدارت پیر طریقت، رہبر شریعت، سجادہ نشین دربارِ عالیہ کامرہ شریف صاحبزادہ خاور علی سرکار اور ممتاز ماہر تعلیم پروفیسر قاضی حبیب الرحمن کریں گے۔خصوصی خطاب خطیب اہل سنت، پیر محمد جمیل نقشبندی، خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ مورگاہ شریف کریں گے جبکہ نقابت کے فرائض صاحبزادہ شمرعباس عطاری سرانجام دیں گے۔تقریب کا آغاز شام 4 بجے قرآن خوانی سے ہوگا، جس کے بعد عظیم الشان ذکرِ اہل بیتؓ، محفل نعت اور اجتماعی دعا ہوگی۔ معروف نعت خواں، عالمی شہرت یافتہ گولڈ میڈلسٹ عباس عبیدی علی اشرف اور دیگر ممتاز ثناخوانِ مصطفیٖ ﷺ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔اس روح پرور محفل میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی مذہبی، روحانی، تعلیمی، سیاسی وسماجی شخصیات شرکت کریں گی۔محفل کا مقصد حضرت قاضی محمد قاسمؒ کی دینی، روحانی اور اصلاحی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرنا اور نوجوان نسل کو مشائخِ عظام کے فیوض و برکات سے روشناس کروانا ہے۔

بقیہ نمبر 17

منشیات فروش مطابر الرحمان کرفا ملزم کے قبضہ سے 620 گرام چرس برآمد، ڈی پی او سمری نے کہا ہے کہ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید قانونی کارروائی جاری ہے ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، انہوں نے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، ڈی پی او سمری نے کہا کہ منشیات کا کاروبار معاشرے اور بالخصوص نوجوان نسل کے مستقبل کے لیے سنگین خطرہ ہے، منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، ڈی پی او سمری نے اہل علاقہ کو ہدایت کی ہے منشیات فروشی کی اطلاع فوری طور پر سمری پولیس کو دیکر معاشرہ کو پاک کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ نمبر 18

انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بارشوں کے دوران ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے تمام اداروں کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی اور ضلعی انتظامیہ، واسا، پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122 سمیت تمام متعلقہ اداروں کو فیلڈ میں متحرک رکھا، جس کے باعث شدید بارش کے باوجود کئی علاقوں میں ریکارڈ وقت میں پانی کی نکاسی ممکن ہوئی۔ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا واسا کے ادارے کی بحالی، نئے اضلاع میں سہولیات کے قیام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا وژن آج عملی طور پر نظر آرہا ہے۔پہلی بار ڈرون ٹیکنالوجی کے ذریعے بارش کے پانی کی مانیٹرنگ اور امدادی کارروائیوں میں معاونت ایک جدید اور مؤثر اقدام ہے۔انہوں نے کہا کہ لاہور، گجرات ،راولپنڈی، چکوال سمیت مختلف شہروں میں چند گھنٹوں کے اندر پانی کی نکاسی عوام کے لیے بڑی سہولت ہے۔ماضی میں جہاں بعض علاقے کئی دنوں اور ہفتوں تک پانی میں ڈوبے رہتے تھے، وہاں اب بروقت اقدامات سے شہریوں کو فوری ریلیف ملا ہے۔تحسین فواد نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے نشیبی علاقوں، محلوں، چھوٹی گلیوں اور بازاروں سے پانی کی بروقت نکاسی، خستہ حال عمارتوں اور چھتوں کے حوالے سے حفاظتی اقدامات سمیت عوامی تحفظ کے لیے خصوصی ہدایات جاری کیں، جو ان کی عوام دوست سوچ اور عملی خدمت کا واضح ثبوت ہے

بقیہ نمبر 19

اسلام آباد سرکل عبدالرشید سرکی کا سب ڈویژن راول کی حدود میں سکینگ میٹروں کی تنصیب کے جاری کام کا سرپرائز وزٹ کیا اور ایس ڈی او راول کو ہدایات جاری کی کے فوری تمام ٹرانسفارمر کیساتھ سکینگ میٹروں کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے اور دوران کام ایس او پی پر عمل کرتے ہوئے کام کیا جائے اور تمام میٹروں کی تنصیب اور بکسوں اور تاروں کو بہترین طریقے سے لگائیں ایس ڈی او راول نے سپرنٹنڈنٹ انجینئر کو یقین دہانی کروائی کے تمام تر سکینگ میٹر جلد مکمل کر کے رپورٹ دی جائے گی اس وقت تک 27 میٹروں کی تنصیب کر چکے ہیں بقایا 15 میٹر اگلے دو دنوں میں لگا دیئے جائیں گے صارفین کو بجلی کی تعطل پر پیدا ہونے والی دشواری کی وجہ پر معذرت خواہ ہیں کام مکمل ہونے پر بجلی کی سپلائی فوری بحال کی جائے ایس ای اسلام آباد سرکل عبدالرشید سرکی کی سٹاف کو خصوصی ہدایات بھی جاری کی

بقیہ نمبر 20

یادوں کے طور پر سنبھال کر رکھتے ہیں۔شاید یہی وجہ ہے کہ عاطف اسلم جنوبی ایشیا کے ان چند فنکاروں میں شمار ہوتے ہیں جن کی مقبولیت وقت کے ساتھ کم ہونے کے بجائے مزید بڑھی ہے۔ان کی موسیقی کی جڑیں پاکستان میں ہیں، مگر اس کی بازگشت بین الاقوامی سطح پر سنائی دیتی ہے۔ پاپ، فلمی موسیقی اور روحانی کلام سمیت ہر انداز میں انہوں نے ایسے منفرد میوزک کو تخلیق کیا جو آج بھی اتنا ہی مانوس، ذاتی پسند اور پہچانا جاتا ہے جتنا برسوں پہلے تھا۔دوری اور میری کہانی جیسے البمز آج بھی ان کے مقبول ترین کاموں میں شمار ہوتے ہیں اور ریلیز کے کئی برس بعد بھی مداحوں کی جانب سے پسندیدگی کا اظہار کیا جاتا ہے۔

وہ 31 جولائی کو اپنے نئے البم صبح آئے نا ریلیز کرنے کی تیاری کر رہے ہیں، اسکے ساتھ ساتھ اسپائیفائی بھی عاطف اسلم کے اس شاندار سفر اور ورثے کو خراجِ تحسین پیش کر رہا ہے۔اسپائیفائی کے تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق عاطف اسلم کے گیت تقریباً 8 ارب مرتبہ سنے جا چکے ہیں، ان کے 3 کروڑ سے زائد ماہانہ سامعین ہیں، جبکہ ان کی موسیقی دنیا کے 184 ممالک میں سنی جا رہی ہے۔ گزشتہ ایک سال کے دوران اسپائیفائی پر عاطف اسلم کی 96 فیصد اسٹریمز پاکستان سے باہر ہوئیں، اور جنوبی ایشیا، مشرقِ وسطیٰ، شمالی امریکہ، یورپ، ایشیا پیسیفک سمیت دنیا کے دیگر خطوں میں موجود ان کے بین الاقوامی مداحوں کی پسندیدگی اجاگر ہوتی ہے۔دنیا کے جس بھی کونے میں ان کے مداح موجود ہوں، ان کے گیت محبت، انتظار، یادوں، خوشیوں اور غور وفکر کے لمحات میں ان کا ساتھ دیتے ہیں

بقیہ نمبر 21

ادارہ کنز الایمان پنڈ وڑیاں شریف اسلام آباد زیر نگرانی ابوالاسعد صاحبزادہ علی عباس حقانی منعقد ہوگا جسمیں ادارہ کے طلباء وابستگان تلامذہ خلفاء معلمین خصوصی شرکت کریں گے ناظرہ مع تجوید حفظ القرآن تجوید وقراۃ بنیادی دینی مسائل ترجمہ وتفسیر کی تکمیل کرنے والے طلباء کو اسناد اور دستار فضیلت سے نوازہ جائے گا ملک کے نامور علماء و مشائخ نعت خواں گلہائے عقیدت پیش کریں گے جبکہ صاحبزادہ علی عباس حقانی نے تمام انتظامات مکمل کر لیے اجتماع کے اختتام پر مہر وضرار لی نکالی جائے گی مین بازار پنڈ وڑیاں سے ادارہ کنز الایمان اسلام آباد تک ہوگی

بقیہ نمبر 22

سیاسی رہنما راجہ جاوید، راجہ حیدر، مقدس بشیر اور بزنس سیکٹر کی معروف شخصیت عافیہ شبیر سمیت علم ماڈل سکول علی پور کی پرنسپل نورین ارشاد ڈاکٹر ثنا جویریہ۔ثناء ہراحسنہ ملک۔عبدالمالک سمیت دیگر ممتاز شخصیات نے ملاقات کی۔اس موقع پر ان وفود نے اپنے علاقوں کے مسائل سمیت پاکستان کی ترقی اور سالمیت سمیت دیگر امور پر اپنی اپنی آرا اور تجاویز دیں۔ان وفود نے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے منشور۔بیانیے اور عملی طور پر جو کام کیے گئے ہیں ان کی تعریف کی اور کہا کہ ہم ان اقدامات کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے اپنی اپنی تجاویز بھی دیں۔ چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہم وہ نظام لا رہے ہیں جو حقیقی معنوں میں عام آدمی کی فلاح وبہبود کے لیے کارآمد ثابت ہوگا ہم نعروں پر نہیں عمل پر یقین رکھتے ہیں ہم حکومت میں نہ ہونے کے باوجود بھی مختلف شعبوں میں اپنی کارکردگی کا وہ مظاہرہ کر رہے ہیں جو آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم۔ٹیکنیکل تعلیم۔ای کامرس روزگار اور صحت کے شعبوں میں ہم انقلابی اقدامات کر رہے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے وہ کام کر جائیں جو ملک کی 78 سالہ تاریخ میں کسی پارٹی نے نہیں کیا انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم صحت کے شعبے میں خود صحت کارڈ متعارف کرا چکے ہیں جبکہ راول فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ہم عام آدمی کی صحت کے لیے بھی ایک کارڈ متعارف کرایا ہے جس سے ہزاروں لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 23

تخصیت قاضی شوکت محمود نے آرچڑ سلیم اسلام آباد میں اپنے فارم ہاؤس پر پوٹھوہاری ادبی بیٹھک کے بانی چیئرمین فیصل عرفان اور سرپرست اعلیٰ نعمان مشتاق راجا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا،انہوں نے کہا کہ حالیہ سالوں میں پوٹھوہاری زبان وادب نے بہت ترقی کی ہے، کتابیں شائع ہو رہی ہیں جو بہت خوش آئند بات ہے،انہوں نے مزید کہا کہ مادری زبان بولنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرنی چاہیے، یہ احساس کمتری کا باعث نہیں بلکہ فخر کا لمحہ ہوتا ہے۔پوٹھوہاری ادبی بیٹھک راولپنڈی کی جانب سے پوٹھوہار کلچر ڈے منانے کا آغاز تاریخ ساز اقدام ہے، سید آل عمران مرحوم نے کم وقت میں پوٹھوہاری زبان کیلئے بہت خدمات سرانجام دی ہیں۔سید آل عمران لائبریری گوجرخان کو انکے فرزند سید مرتجز حسنین کیساتھ مل کر دوبارہ فعال بنا رہے ہیں۔اس موقع پر فیصل عرفان نے اپنی پوٹھوہاری کتب اور پوٹھوہاری کتابی سلسلہ "ست برگ" بھی قاضی شوکت محمود کو پیش کیا۔

بقیہ نمبر 24

کستان میاں محمد شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی اور قائدانہ بصیرت کے باعث لائیوسٹاک اور ڈیری سیکٹر کو قومی معیشت کا بنیادی ستون تسلیم کرنا ایک انتہائی شاندار اور خوش آئند اقدام ہے، جس سے ملک میں دودھ اور اعلیٰ معیار کے حلال گوشت کی پیداوار میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ منہ کھر بیماری سے پاک زونز کے قیام اور مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری سے جہاں ہمارے مال مویشی مہلک بیماریوں سے محفوظ رہیں گے، وہیں عالمی منڈیوں اور خلیجی ممالک کو حلال گوشت کی برآمدات بڑھا کر ملک کے لیے اربوں ڈالرز کا قیمتی زرمبادلہ کمایا جا سکے گا۔خورشید احمد قریشی کا کہنا تھا کہ ساہیوال، نیلی راوی، چولستانی اور ریڈ سندھی جیسی بہترین نسلوں کی افزائش اور جدید پروسیسنگ ٹیکنالوجی کا استعمال ملک میں حقیقی سفید انقلاب ※ برپا کرے گا، جس سے کسانوں، مویشی پال بھائیوں، قصاب برادری اور پروسیسنگ صنعت سے وابستہ لاکھوں افراد کی معاشی حالت مستحکم ہوگی۔

خورشید احمد قریشی نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کا یہ اقدام میٹ پروسیسرز، فارمرز اور لائیوسٹاک تاجروں کے دل کی آواز ہے اور اس سے پوری صنعت میں خوشی ومسرت کی لہر دوڑ گئی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوی ایشن اور لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ بورڈ اس انقلابی وژن کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور ملک کو معاشی خودکفالت کی طرف گامزن کرنے کے لیے حکومت کے ساتھ ہر

یشین والی بال ایسوسی ایشن (CAVA) مینز والی بال چیمپئن شپ میں کھلاڑی جیت کے بعد جشن منا رہے ہیں

بیوٹیفکیشن منصوبوں کی مضبوطی دیرپا افادیت کو بھی یقینی بنایا جائے، کمشنر راولپنڈی

چکوال میں حلہ گنگ بازار بیوٹیفکیشن منصوبہ 100 فیصد، چوآسیدن شاہ، چھپر بازار بیوٹیفکیشن منصوبہ 95 فیصد مکمل ہو چکا

جہلم کی تمام بیوٹیفکیشن سکیمیں 31 جولائی سے قبل مکمل کر لی جائیں گی، سلمان غنی کی زیر صدارت اجلاس میں بریفنگ

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیر صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں ڈویژن بھر میں جاری 20 بیوٹیفکیشن منصوبوں کا جائزہ اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

آزاد کشمیر میں موجودہ حالات میں انتخابات مناسب نہیں، راجہ آزاد

مختلف علاقوں میں بدامنی اور جانی نقصان کے واقعات نے عوام میں بے چینی پیدا کر دی

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) آل جموں وکشمیر مسلم لیگ کے چیئرمین راجہ آزاد خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں موجودہ کشیدہ حالات اور حالیہ واقعات کے تناظر میں فوری انتخابات کرانا دانشمندانہ فیصلہ نہیں ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک عوامی ایکشن کمیٹی کے جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور نہیں کیا جاتا اور خطے میں مکمل امن وامان بحال نہیں ہوتا، اس وقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 2)

اسلام گڑھ، کرنل (ر) محمد معروف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چکسواری میں سیاسی عدم توازن ناقابل قبول ہے، محمد معروف

حلقہ میں موجود نوسر بازوں کا محاسبہ کروں گا، امیدوار استحکام پاکستان پارٹی

میرپور، اسلام گڑھ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے نامزد امیدوار اسمبلی حلقہ چکسواری کرنل ریٹائرڈ محمد معروف کی تحصیل پریس کلب اسلام گڑھ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 2)

اسلام آباد ال پاکستان واپڈا اور کریونین کینٹ ڈویژن کے چیئرمین راجہ کامران سلیم واپڈا کی نجکاری کے خلاف ہونے والے احتجاج کے بعد ورکرز کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں۔ فوٹو: طاہر نوید

آل ٹینکرز کنٹریکٹرز کا مطالبات منظوری کیلئے 72 گھنٹوں کا الٹی میٹم، پہیہ جام کی دھمکی

72 گھنٹوں میں مسائل حل نہ ہوئے تو ملک میں پہیہ جام کرینگے، حکومت نے ایسا کرنے پر مجبور کیا، عابداللہ آفریدی، شعیب خان

ڈمپر ایسوسی ایشن نے بھی قیمتوں میں روزانہ ردوبدل کا فیصلہ مسترد کر دیا، پختونخوا میں غیر معینہ مدت کے لیے ہڑتال شروع

کراچی، پشاور (آئی این پی) پاکستان آئل ٹینکرز اور کنٹریکٹرز نے حکومت کو مطالبات کی منظوری کیلئے 72 گھنٹوں کا الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا ہے کہ مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملک گیر ہڑتال کی جائے گی، جس کی ذمہ داری وزارت پیٹرولیم اور اوگرا پر ہوگی۔ انہوں نے وائٹ آئل پائپ لائن کے کوٹے میں اضافے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

امیر العظیم کی وفات، ملتِ اسلامیہ اور تحریکِ اسلامی کا عظیم نقصان: جمیر الطارق

آپ نے ہر دور میں ثابت قدمی، صبر اور عزم کیساتھ تحریک کی ذمہ داریاں نبھائیں

لاہور (بیورو رپورٹ) سیکریٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر جمیرا طارق، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنرل جناب امیر العظیم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 3)

انتقال پر ملال

مری (نمائندہ خصوصی) مری کی معروف سیاسی، سماجی وکاروباری شخصیت راجہ عارف عرف آپی بقضائے الٰہی انتقال کر گئے مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں انکے آبائی علاقہ ملوٹ پونین کونسل گھوڑا گلی میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں مذہبی، سیاسی، سماجی، کاروباری، صحافتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 3)

CAVA والی بال چیمپئن شپ، پاکستان سری لنکا اور ازبکستان کی فتوحات

قومی ٹیم نے جارحانہ کھیل پیش کر کے بنگلہ دیش کو مسلسل تین سیٹ سے شکست دی

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) زونگ 5G سینٹرل ایشین والی بال ایسوسی ایشن (CAVA) مینز والی بال چیمپئن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی زیر صدارت اجلاس

افسران کو کارکردگی، مؤثر تفتیش اور دیگر پیشہ ورانہ امور سے متعلق ہدایات جاری

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایس ایس پیز ایس پیز ڈی ایس پیز ایس ایچ اوز برانچ ہیڈز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے کے پی آئی کارکردگی کے اشاریوں کا جائزہ لیا اور تمام افسران کو سروس ڈیلیوری کارکردگی مؤثر تفتیش چالانگ اور دیگر پیشہ ورانہ امور سے متعلق واضح ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ سروس ڈیلیوری ایف آئی آر کے اندراج اور تفتیش کے لیے جاری کردہ ایس او پیز اور مقررہ ٹائم لائن پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ سی پی او نے واضح کیا کہ سروس ڈیلیوری ایف آئی آر کے اندراج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا افسران سے میٹنگ کر رہے ہیں

پنجاب مون سون آپریشن تاریخی قرار

بروقت اقدامات سے شہریوں کو فوری ریلیف ملا ہے، تحسین فواد

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) ممبر پنجاب اسمبلی تحسین فواد نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ بھر میں مون سون کی شدید بارشوں کے دوران نکاسی آب، ریسکیو اور عوامی امداد کے لیے جاری گرینڈ آپریشن کو تاریخی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار پنجاب کے 41 اضلاع میں جدید مشینری، وسائل اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 1)

ایس ای عبدالرشید کی سکیننگ میٹروں کی تنصیب کا سرپرائز وزٹ

سکیننگ میٹر جلد مکمل کر کے رپورٹ دی جائے گی، ایس ڈی او راول کی بریفنگ

تمام ٹرانسفارمروں کیساتھ سکیننگ میٹروں کی تنصیب کو یقینی بنانے کی ہدایات

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو کی طرف سے بجلی چوری کے خاتمہ اور لائن لاسز کو کم کرنے کیلئے انتہائی بہترین منصوبے کا آغاز کرتے ہوئے تمام ٹرانسفارمروں کیساتھ سکیننگ میٹروں کی تنصیب کو یقینی بنانے کی خصوصی ہدایات پر ایس ای (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 1)

اسپاٹیفائی کا عاطف اسلم کو خراج تحسین، گلوکار کی عالمی مقبولیت کا معترف

پرستاروں کیلئے 31 جولائی کو انکی نئی البم صبح آئے نا سے رسائی کی خصوصی سہولت

اسلام آباد (پ ر) کچھ آوازیں ایسی ہوتی ہیں جو گیت ختم ہونے کے بعد بھی دل و دماغ میں گونجتی رہتی ہیں۔ گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے عاطف اسلم کی آواز محبت، جدائی، خوشی، فاصلے، عقیدت اور گھر کی یاد جیسے بے شمار جذبات سے جڑی یادوں کا حصہ رہی ہے۔ ان کے گیت شادیوں، طویل سفر، پرسکون راتوں، اپنوں سے ملاقاتوں اور ان لمحوں میں سنے گئے جنہیں لوگ اپنی زندگی کی خوبصورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

کنز الایمان سالانہ اجتماع کے انتظامات مکمل

حفظ سمیت دیگر کورس کی تکمیل کرنیوالے طلباء کو اسناد اور دستار فضیلت سے نوازا جائیگا

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) سالانہ اجتماع کے انتظامات مکمل ہو گئے۔ 25 جولائی بروز ہفتہ 7 تا ظہر سالانہ تربیتی اجتماع مرکز اہل سنت ادارہ کنز الایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد میں زیر سرپرستی استاذ العلماء علامہ ابوالعباس محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 2)

عام آدمی کی فلاح و بہبود کیلئے کارآمد نظام لائینگے، خاقان خواجہ

ٹیکنیکل تعلیم، ای کامرس، روزگار اور صحت شعبوں میں، ہم انقلابی اقدامات کر رہے ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہم نوجوان نسل کے لیے ایک ایسا پروگرام چلا رہے ہیں جس سے وہ ملک وقوم کے لیے ایک مفید شہری ثابت ہوں گے۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں مختلف مکاتب فکر کے جید شخصیات اور سیاسی وسماجی رہنماں سے ملاقات میں کہی ان سے ملاقات کرنے والوں میں برگیڈیئر (ریٹائرڈ) آفندی، ڈاکٹر طارق ہیڈ آف ای این ٹی پمز ہاسپٹل۔ نامور وکیل خرم جوئیہ ایڈووکیٹ۔ میجر (ریٹائرڈ) احمد ندیم سڈل جھنگ سیداں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 2)

چیئرمین پاکستان عوامی قوت خاقان وحید خواجہ سے معروف سماجی شخصیت عافیہ شبیر کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

پوٹھوہاری زندہ اور میٹھی زبان، مستقبل تابناک، قاضی شوکت

والدین گھروں میں اپنے بچوں کیساتھ پوٹھوہاری زبان میں گفتگو کو معمول بنائیں

حق ٹرسٹ کے زیر اہتمام مقامی ادیبوں کی فلاح و بہبود کیلئے جو ہو سکا وہ کروں گا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہاری ایک زندہ اور میٹھی زبان اور اسکا مستقبل بہت تابناک ہے، والدین گھروں میں اپنے بچوں کیساتھ پوٹھوہاری زبان میں گفتگو کرنے کو اپنا معمول بنائیں، حق ٹرسٹ کے زیر اہتمام مقامی ادیبوں اور شعراء کی فلاح و بہبود کیلئے مجھ سے جو ہو سکا وہ کروں گا، ان خیالات کا اظہار حق ٹرسٹ کے چیئرمین اور معروف کاروباری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 2)

مری، سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی، سابق چیئرمین لورا عقیل عباسی ودیگر کا گروپ فوٹو

وزیر اعظم کا لائیوسٹاک سیکٹر کیلئے انقلابی اقدام تاریخ ساز: خورشید قریشی

قومی سیمینار میٹ انڈسٹری اور کسانوں کیلئے امید کی نئی کرن ہے، صدر القریش میٹ ویلفیئر

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ): صدر آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن و ممبر لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ خورشید احمد قریشی نے وزیر اعظم سیکرٹریٹ میں لائیوسٹاک کی ترقی، منہ کھر (FMD) سے پاک زونز کے قیام اور مقامی سطح پر 30 کروڑ ویکسین خوراکوں کی تیاری کے حوالے سے منعقدہ عالی شان قومی سیمینار اور وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کے تاریخی وژن کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے اسے لائیوسٹاک و میٹ انڈسٹری کا سنہری دور قرار دیا ہے۔ اپنے ایک خصوصی بیان میں خورشید احمد قریشی نے کہا کہ وزیر اعظم پا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 2)

اپنا گھر پروگرام ڈیڑھ لاکھ گھروں کی فنانسنگ کا ہدف، 71 ارب سبسڈی مختص

وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام میں ایک کروڑ روپے تک قرض، پہلے 10 سال 5 فیصد مارک اپ مقرر کیا گیا ہے، اسٹیٹ بنک

اسکیم کے تحت تیار شدہ گھر، فلیٹ، پلاٹ یا پلاٹ پر گھر کی تعمیر کے لیے قرض حاصل کیا جا سکے گا بریفنگ

کراچی (صباح نیوز): اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام پر میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ اسکیم کے لیے وفاقی بجٹ میں 71 ارب روپے کی سبسڈی مختص کی گئی ہے جبکہ جون 2027 تک ڈیڑھ لاکھ گھروں کی فنانسنگ کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق اس اسکیم سے قومی شناختی کارڈ، نائیکوپ اور پاکستان اورینجن کارڈ (پی او سی) رکھنے والے افراد مستفید ہو سکیں گے۔ اسکیم کے تحت تیار شدہ گھر، فلیٹ، پلاٹ یا پلاٹ پر گھر کی تعمیر کے لیے قرض حاصل کیا جا سکے گا۔ ڈھائی سو گز تک کا گھر اور پندرہ سو مربع فٹ تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ایس ایچ او تھانہ عمران نواز کی معززینِ علاقہ کیساتھ اہم میٹنگ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ایس ایچ او تھانہ مکھنیال عمران نواز کی معززینِ علاقہ کے ساتھ اہم میٹنگ، ٹی آر سی دفتر کے لیے جگہ کا تعین مکھنیال ایس ایچ او تھانہ مکھنیال عمران نواز نے معززینِ علاقہ کی ایک اہم میٹنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ایس پی ڈولفن بلال احمد نے لاہور سے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) ایس پی ڈولفن بلال احمد نے لاہور میں منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا لاہور سے منشیات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا عزم ڈولفن سکواڈ کی کارروائی، منشیات فروش گرفتار، آئس برآمد نواں کوٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پنجاب PAC، گوجر خان کھوکھے داران سے متعلقہ بے ضابطگیوں پر کارروائی کا آغاز

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پنجاب اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین چوہدری احمد اقبال نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شفاف طرز حکمرانی اور عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

عوام اب عملی اقدامات کرنے والی قیادت کو دیکھنا چاہتی، حنیف مغل

عوامی سطح کے مسائل کو حل کرنا ہی ہمارا پارٹی منشور ہے، سربراہ تحریک شاد باد

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ پاکستانی عوام اب عملی اقدامات کرنے والی قیادت کو دیکھنا چاہتی ہے اور ایسے لیڈر منتخب کرنا چاہتی ہے جو حقیقی طور پر عوامی خوشحالی وہ ملکی ترقی کے لیے عملی اقدامات کریں، ہم وعدہ نہیں عمل کرتے ہیں پارٹی میں پورے پاکستان سے لوگ شامل ہو رہے ہیں یہ اس بات کی گواہی ہے کہ کئی برسوں سے حکمرانی کرنے والی جماعتیں عوام کے وہ مسائل نہیں حل کر سکیں جو حقیقی معنی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اولیاء اللہ کے آستانے رشد و ہدایت کا ذریعہ ہیں، پیر عباس شاہ

دربار عالیہ بھنگالی شریف نے لاکھوں عقیدت مندوں اور مریدین کی اصلاح کی

اڈیالہ (نامہ نگار) اولیاء اللہ کے آستانے رشد و ہدایت کا ذریعہ ہیں۔ دربار عالیہ بھنگالی شریف نے لاکھوں عقیدت مندوں اور مریدین کی اصلاح کی۔ ہر سوموار کو ذکر و فکر اور وعظ و نصیحت کی محفل سجائی جاتی ہے۔ اولیا اللہ کے آستانوں سے پیار اور محبت اتفاق اور اتحاد کا سبق ملتا ہے۔ دربار عالیہ بھنگالی شریف کے اکابرین ہماری بنیاد ہیں۔ دربار کے خادمین ہمارے اثاثہ ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اڈیالہ، پیر مخدوم عباس شاہ ہمدانی، پیر جابر شاہ ہمدانی ودیگر عشائیہ سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر میں جمہوری ساتھ کا امن کیلئے پاکستان کردار ادا کرے، مسعود خان

سیاسی جماعتیں انتخابی مہم میں ایسی بیان بازی سے گریز کریں جو داخلی تقسیم کو ہوا دے یا پاکستان کے خلاف پروپیگنڈے کا موقع دے

اسلام آباد (خبرنگار) آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر اور امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر میں سیاسی بلوغت، جمہوری استحکام اور مشرقِ وسطیٰ میں مسلسل سفارتی روابط وقت کی اہم ضرورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 0 1)

ہولسٹک فوسٹر کیئر فاؤنڈیشن کا یتیم بچیوں کی فلاح کیلئے مشن جاری

قاضی منشا اور حسیب احمد شیخ کا ہولسٹک فوسٹر کیئر فاؤنڈیشن کا دورہ، خدمات کو سراہا

معیاری تعلیم، صحت اور جذباتی معاونت سے بچیوں کا روشن مستقبل سنوارنے کی کوششیں

لاہور (سپیشل رپورٹر) ممتاز کالم نگار، صحافی اور خطیب قاضی منشا اور سابق طالب علم رہنما حسیب احمد شیخ نے بدھ کے روز ماڈل ٹاؤن میں قائم ہولسٹک فوسٹر کیئر فاؤنڈیشن کا دورہ کیا، جہاں یتیم اور معاشی طور پر پسماندہ بچیوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری منصوبوں کا جائزہ لیا۔ فاؤنڈیشن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر میڈم بتول بی بی نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا اور انہیں ادارے کے اغراض و مقاصد، جاری فلاحی سرگرمیوں اور بچیوں کی تعلیم، صحت اور تربیت سے متعلق اقدامات پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ ادارہ یتیم اور ضرورت مند بچیوں کو معیاری تعلیم، صحت کی سہولیات، جذباتی معاونت اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے سرگرم عمل ہے تاکہ وہ خود اعتماد، بااختیار اور معاشرے کی مفید شہری بن سکیں۔ قاضی منشا نے فاؤنڈیشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 1)

تحریک منہاج القرآن پشاور روڈ بیلٹ میں ورکرز کنونشن کا انعقاد

تاحیات رفاقت مکمل کرنے والے رفاء میں اسناد سند تقسیم کی گئیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) تحریک منہاج القرآن تحصیل پشاور روڈ بیلٹ میں ورکرز کنونشن کا انعقاد حافظ شاھد محمود قادری کی رہائش گاہ نوگزی میں کیا گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا۔ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ناظم مراکز علم علامہ قاری سجاد رضا قادری نے پیش کی۔ صدارت صدر اسلام آباد زون راو جاوید انجم نے کی۔ خصوصی شرکت زونل نایب صدر نیاز احمد چشتی عرفان محمد خان ایڈووکیٹ۔ زونل ناظم میڈیا و نشر واشاعت ملک عامر صدیق نے کی۔ تحصیل پشاور روڈ بیلٹ کے جملہ تحصیلی و یوسیز کے صدور و ناظمین اور رفقاء کی بھرپور شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ڈاکٹر رفیق نجم تحریک منہاج القرآن پشاور روڈ کے نئے رفاء کو اسناد دے رہے ہیں

مری پولیس ٹیم کی کارروائی 02 منشیات فروش گرفتار

ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 650 گرام چرس برآمد، مقدمہ درج

مری (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری رضا تنویر سپرا کی ہدایات پر منشیات فروشوں کے خلاف ضلع مری میں کریک ڈاؤن جاری، ترجمان مری پولیس مری کے مطابق ایس ڈی پی او مری محمد عرفان بٹ کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، ایس ایچ او تھانہ مری محمد اویس اکرم اور ٹیم کی کارروائی 02 منشیات فروش گرفتار، ملزم راجہ طاہر کے قبضہ سے 01 کلو 050 گرام چرس برآمد، جبکہ چوکی تریٹ پولیس کی کارروائی میں ملزم بلال احمد گرفتار ملزم کے قبضہ سے 01 کلو 650 گرام چرس برآمد، تھانہ کوٹلی ستیاں پولیس کی کارروائی کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 7)

مجوزہ کھوکھا بازار منصوبہ پر حکام بالا نوٹس لیں، تاجر رہنما،

رہائشی جگہ کو بغیر کمرشل منظوری کے کمرشلائزیشن بنایا گیا

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان کے رہائشی ایریا کو بحالی متاثرین کھوکھا کا نام دے کر فری میں کمرشلائز کیا جا رہا ہے، اس ذاتی مفاداتی منصوبہ سے کسی متاثرین کھوکھا بازار کا بھلا نہیں ہونے والا، جس جگہ کا چناؤ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 1)

گرین بس سروس کو تحصیل لورا تک رسائی دی جائے، عوام کا مطالبہ

مری (بیورو رپورٹ) گرین بس سروس کو تحصیل لورا تک رسائی دی جائے، لورا کے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ گرین میٹرو بس ان کو بھی فراہم کی جائے تاکہ علاقے کے عوام کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4 1)

ایکسپریس وے مری مغل آباد کے قریب موٹر سائیکل حادثہ کا شکار

مری (بیورو رپورٹ) ایکسپریس وے مری مغل آباد کے قریب موٹر سائیکل حادثہ کا شکار ہو گیا جسکے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار زخمی ہو گیا، حادثہ کی اطلاع ملتے ہی پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری کی امدادی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی، متاثرہ شخص کو موقع پر بروقت ابتدائی طبی امداد فراہم کر دی گئی، ریسکیو 1122 مری نے مون سون سیزن کے پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 1)

صاحبزادہ قاضی محمد قاسمؒ کی برسی 28 جولائی کو منائی جائے گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سلطان العارفین حضرت مولانا سائیں محمد اشرف بادشاہ قادری قلندریؒ دربار عالیہ قادریہ قلندریہ تمیر شریف کے فیض یافتہ، علم و عرفان کے پیکر، درویش صفت ولی کامل، حضرت سخی سلطان بادشاہ صاحبزادہ قاضی محمد قاسمؒ کی پانچویں سالانہ برسی 28 جولائی کو دربار عالیہ قادریہ قلندریہ تمیر شریف میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1 6)

شکایات سیل

SHEHAR NAMA Islamabad شہرنامہ اسلام آباد

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اور یجنل اِنک ویئر پلیر ریلٹس
SPS
جنرل آرڈر سپلائر
شکی پرنٹرز
ایوارڈ شیلڈز کی چین پن پرنٹنگ شرٹس پرنٹنگ بیج اینڈ لوگو میکر گرافکس ڈیزائننگ
وزٹینگ کارڈ لیٹر پیڈ سائن بورڈ ٹائی فائل بل بکس سکول کاپی پارٹی پرچم اشتہارات بروشرز سکول ڈائری سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083